Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 13 — منگل، 28 جون 2022ء، 28 ذوالقعدہ 1443ھ، 15 ہاڑ 2079 ب م، قیمت 20 روپے — شمارہ 75

کینیڈا میں بھی مسلمانوں کیساتھ متعصّبانہ رویہ ہے، کینیڈا میں بھی انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں ہوتی ہیں جن کا ہمیں علم ہے

اداروں کو نشانہ بنایا جائیگا تو ردعمل آئیگا، وزیر دفاع

کینیڈا کو مقبوضہ کشمیر، فلسطین، برما میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں نظر نہیں آتی، یہ مغرب کا دہرا معیار ہے، اوورسیز پاکستانی ہمارا اثاثہ ہیں، عمران خان نے پاکستان سمیت ملک کے باہر بھی پاکستانیوں کو تقسیم کردیا

عمران خان کی وجہ سے کینیڈین ممبر پارلیمنٹ میں کھڑا ہو کر ہمیں گالی دیتا ہے، یہی کام امریکا، برطانیہ کی پارلیمنٹ میں بھی ہو رہا ہے، دبئی، سعودی عرب، مسجد نبوی کو بھی نہ چھوڑا گیا

اسلام آباد (چیف رپورٹر) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کینیڈین پارلیمنٹ میں پاکستانی اداروں سے متعلق ہرزہ سرائی پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہر ملک کی پارلیمان کا احترام کرتے ہیں، ہمارے اداروں کے سربراہان کو نشانہ بنایا جائے گا تو ردعمل بھی آئیگا، کینیڈا میں بھی مسلمانوں کے ساتھ متعصبانہ رویہ ہے، کینیڈا میں بھی انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں ہوتی ہیں جن کا ہمیں علم ہے، کینیڈا کو مقبوضہ کشمیر، فلسطین، برما میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں نظر نہیں آتی، یہ مغرب کا دہرا معیار ہے، اوورسیز پاکستانی ہمارا اثاثہ ہیں، عمران خان نے پاکستان سمیت ملک کے باہر بھی پاکستانیوں کو تقسیم کردیا، عمران خان کی وجہ سے کینیڈین ممبر پارلیمنٹ میں کھڑا ہو کر ہمیں گالی دیتا ہے، یہی کام امریکا، برطانیہ کی پارلیمنٹ میں بھی ہو رہا ہے، دبئی، سعودی عرب، مسجد نبوی کو بھی نہ چھوڑا گیا، عمران (بقیہ نمبر 24)

2 جولائی کو پریڈ گراؤنڈ اسلام آباد میں احتجاج کی قیادت کرونگا، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ اور سابق وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ دو جولائی کو پریڈ گراؤنڈ اسلام آباد میں احتجاج کی قیادت کرونگا۔ پاکستان تحریک انصاف کے سربراہ اور سابق وزیراعظم عمران خان نے سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے ٹوئٹ میں کہا کہ 2 جولائی کو ہم امپورٹڈ حکومت کے خلاف احتجاج کریں گے

بجلی کی قیمت میں تقریباً 8 روپے کا اضافہ

اضافہ مئی کی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں کیا گیا، نیپرا تفصیلی فیصلہ بعد میں جاری کریگا

اسلام آباد (چیف رپورٹر) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے بجلی کی قیمت میں 7 روپے 90 پیسے فی یونٹ اضافے کی منظوری دے دی۔ اضافہ مئی کی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں کیا گیا، نیپرا تفصیلی (بقیہ نمبر 1)

معاشی بحالی کیلئے اہداف پر مشتمل جامع پلان ناگزیر

عوام پر بڑھتے دباؤ، سرکاری اداروں کے نقصانات، غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی پر توجہ دینی ہوگی

اسلام آباد (چیف رپورٹر) معیشت کی بحالی کے لیے ایک حقیقت پسندانہ اور جامع پلان تشکیل دینا بہت ضروری ہے۔ اگر آئی ایم ایف سے ایک ارب ڈالر کی قسط مل جائے، قرضوں کی واپسی کی ڈیڈلائن میں توسیع بھی مل جائے (بقیہ نمبر 2)

قومی ہیمپ اور بھنگ اتھارٹی بنانے کا اصولی فیصلہ

اتھارٹی 5 قسم کے لائسنس جاری کریگی، پالیسی کی منظوری کابینہ سے لی جائیگی

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر) قومی ہیمپ اور بھنگ اتھارٹی بنانے کا اصولی فیصلہ، بھنگ اتھارٹی 5 قسم کے لائسنس جاری کرے گی۔ وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی نے بھنگ کی کاشت کو قانونی شکل دینے کیلئے پالیسی تیار کر لی ہے (بقیہ نمبر 3)

لاہور؛ وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف سے جے یو آئی کے جنرل سیکرٹری سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری ملاقات کر رہے ہیں

جتنا ٹیکس میں ایک سال میں ادا کرتا ہوں اتنا عمران خان نے پوری زندگی میں بھی ادا نہیں کیا ہوگا، مفتاح اسماعیل

اگلے ہفتے تک IMF سے معاہدہ ہو جائیگا

ہم نے جو سپر ٹیکس لگایا ہے وہ کسی پراڈکٹ پر نہیں کمپنی پر لاگو ہوگا۔ ہم نے مخصوص فیکٹریوں سے 10 فیصد ٹیکس مانگا ہے، جس میں وزیراعظم کے بیٹے کی بھی ایک فیکٹری شامل ہے

ہم نے سناروں سمیت دیگر متعدد شعبوں پر ٹیکس عائد کیا ہے، اب چونکہ آئی ایم ایف کے ساتھ معاہدے کے بعد بجٹ پیش کیا گیا ہے تو آئندہ چند ماہ میں بلڈرز کو بھی ٹیکس کے دائرے میں لائیں گے

اسلام آباد (چیف رپورٹر) وفاقی وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) سے کچھ معاملات پر باتیں چل رہی ہیں، جو ایک دو روز تک مکمل ہو جائیں گی اور اگلے ہفتے تک معاہدہ ہو جائے گا۔ ایک انٹرویو میں وزیر خزانہ نے کہا کہ ہم نے جو سپر ٹیکس لگایا ہے وہ کسی پراڈکٹ پر نہیں کمپنی پر لاگو ہوگا۔ ہم نے مخصوص فیکٹریوں سے 10 فیصد ٹیکس مانگا ہے، جس میں وزیراعظم کے بیٹے کی بھی ایک فیکٹری شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ جتنا ٹیکس میں ایک سال میں ادا کرتا ہوں، اتنا عمران خان نے پوری زندگی میں بھی ادا نہیں کیا ہوگا۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ہم نے سناروں سمیت دیگر متعدد شعبوں پر ٹیکس عائد کیا ہے، اب چونکہ آئی ایم ایف کے ساتھ (بقیہ نمبر 25)

حکمرانوں نے 3 ماہ میں معیشت کا بیڑہ غرق کردیا، شوکت ترین

5 سال کے اختتام پر برآمدات 50 ارب ڈالر نہیں ہوسکیں، سابق وزیر

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر خزانہ شوکت ترین نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت ایک ٹرن اراؤنڈ پاکستان پروگرام دے رہی ہے جو پہلے بھی دو بار دیا جا چکا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹوئٹر پر اپنے ایک ویڈیو پیغام میں انہوں نے کہا کہ پلاننگ کے وزیر احسن اقبال ایک ٹرن اراؤنڈ پاکستان پروگرام دے رہے ہیں، یہ پروگرام اسی طرز کا ہے جو پہلے بھی دو بار دیا جا چکا ہے۔

بھارتی پنجاب میں خالصتان نواز رہنما پارلیمانی الیکشن میں کامیاب

امرتسر (این این آئی) بھارتی پنجاب میں خالصتان نواز سیاسی جماعت کے صدر سمرن جیت سنگھ مان نے سنگرور پارلیمانی حلقے کا ضمنی الیکشن جیت لیا ہے۔ انہوں نے کامیابی کو خالصتان ریاست کے (بقیہ نمبر 26)

17 جولائی کو اگر دھاندلی ہوئی تو خون خرابہ ہوگا، شیخ رشید

لاہور، فیصل آباد کے ضمنی انتخاب میں بہتر انتظامات ہونے چاہیے کیونکہ سندھ میں انتخابات کے دوران دو افراد انتقال کر گئے

ایم کیو ایم نے کہا کہ کل سندھ کے انتخابات میں بیلٹ باکسوں کو اٹھا کر لے کر گئے جبکہ نواب شاہ میں پریزائیڈنگ افسران کو بھی اٹھا کر لے گئے

اسلام آباد (چیف رپورٹر) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید کا کہنا ہے کہ اگر دھاندلی ہوتی رہی تو پاکستان میں انارکی پھیلے گی اور 17 جولائی کو بھی اگر پنجاب کے ضمنی الیکشن میں ایسا ہوا تو خون خرابا ہوگا۔ اسلام آباد کچہری میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید نے کہا کہ لاہور اور فیصل آباد کے ضمنی انتخاب میں بہتر انتظامات ہونے چاہیے کیونکہ کل بھی سندھ میں انتخابات کے دوران دو افراد انتقال کر گئے۔ (بقیہ نمبر 16)

پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور وفاقی وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری پیپلز انٹرا ڈسٹرکٹ بس سروس منصوبے کے افتتاح کے بعد بس میں سفر کر رہے ہیں

حکمران سودی نظام کو تقویت دینے سے باز رہیں، سراج الحق

اگر ایسا ہوا تو یہ آئین پاکستان سے بغاوت تصور کیا جائیگا، تینوں بڑی جماعتوں نے ملکی خودمختاری کا سودا کر دیا ہے

ملک ہمارا ہے اور فیصلے آئی ایم ایف کر رہا ہے۔ یہ عجوبہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ حکمرانوں کے اثاثے بڑھ رہے ہیں

لاہور (بیورو چیف) امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے کہا ہے کہ حکمران سودی نظام کو تقویت دینے سے باز رہیں، اگر ایسا ہوا تو یہ آئین پاکستان سے بغاوت تصور کیا جائے گا۔ مہنگائی کے خلاف ٹرین مارچ کے دوسرے مرحلے کے اختتام پر لاہور ریلوے اسٹیشن پر کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی نے مزید کہا کہ پی ڈی ایم، پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی نے مل کر ملک کی (بقیہ نمبر 4)

کاربن ڈائی آکسائیڈ کو بیکنگ سوڈا میں تبدیل کرنیوالا منصوبہ

منصوبہ چالیس ہزار ٹن کاربن ڈائی آکسائیڈ کو نہایت کارآمد کیمیکل سوڈیم بائی کاربونیٹ میں تبدیل کریگا

نارتھ وچ (این این آئی) برطانیہ کا کاربن کشید کرنے والا سب سے بڑا منصوبہ 40 ہزار ٹن کاربن ڈائی آکسائیڈ کو نہایت کارآمد کیمیکل سوڈیم بائی کاربونیٹ (بقیہ نمبر 17)

گزشتہ ایک سال کے دوران بجلی چوری اور جرمانے کی مد میں 4 ارب 67 کروڑ سے زائد وصولی

اسلام آباد (بیورو چیف) گزشتہ ایک سال کے دوران مختلف ڈسکوز نے صارفین سے بجلی چوری اور جرمانے کی مد میں مجموعی طور پر 4 ارب 67 کروڑ 18 لاکھ روپے سے زائد وصول کئے ہیں، بجلی چوری میں ملوث افراد کے خلاف 36 ہزار سے زائد ایف آئی آرز درج کر کے صرف 832 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے، ڈسکوز کے 124 اہلکاروں (بقیہ نمبر 23)

عالمی ادارہ صحت کے پاکستان میں کنٹری ہیڈ کا آئی پی ایچ کا دورہ

ڈبلیو ایچ او آئی پی ایچ لیب کو کالرہ سیرولوجی ٹیسٹ کٹس فراہم کریگا، ڈاکٹر مہیپالا

لاہور (این این آئی) عالمی ادارہ صحت کے پاکستان میں نمائندے ڈاکٹر پلیتھا مہیپالا نے انسٹیٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ، لاہور کا دورہ کیا اور قائم مقام ڈین ڈاکٹر صائمہ ایوب و دیگر سینئر ڈاکٹرز سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈبلیو ایچ او پنجاب کے نمائندے ڈاکٹر (بقیہ نمبر 18)

بیجنگ میں عالمی ترقی پر اعلیٰ سطح مذاکرات، پاکستان نظر انداز

سیکرٹری خارجہ اور ترجمان دفتر خارجہ نے اہم فورم سے پاکستان کی عدم موجودگی کا جواب نہیں دیا

بھارت، ایران، مصر، فجی، الجزائر، کمبوڈیا، تھائی لینڈ، انڈونیشیا، ملائیشیا اور دوسی اے ایس ایس ڈائیلاگ کے شرکا تھے

اسلام آباد (حاجی ندیم) بیجنگ میں عالمی ترقی پر اعلیٰ سطح مذاکرات، پاکستان نظر انداز، سیکرٹری خارجہ اور ترجمان دفتر خارجہ نے اہم فورم سے پاکستان کی عدم موجودگی کا جواب نہیں دیا۔ تفصیلات کے مطابق چین کی جانب سے ایک روز قبل بیجنگ میں ہونے والے عالمی ترقی کے بارے میں اعلیٰ سطح مذاکرات میں مدعو کرنے پر پاکستان کو واضح طور پر نظر انداز کیا گیا ہے جس کی میزبانی چینی صدر شی جن پنگ نے کی اور دیگر کے علاوہ بھارت، ایران، مصر، فجی، الجزائر، کمبوڈیا، تھائی لینڈ، انڈونیشیا، ملائیشیا اور دوسی اے ایس ایس ڈائیلاگ کے شرکا تھے۔

وزیراعلیٰ حمزہ شہباز نے شاہدرہ میں لاپتہ بچے کے قتل کے واقعہ کا نوٹس لے لیا

ملزم کو جلد گرفتار کر کے قانون کی گرفت میں لایا جائے، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف نے شاہدرہ میں لاپتہ بچے کے قتل کے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے آئی جی پنجاب سے رپورٹ طلب کر لی۔ وزیراعلیٰ (بقیہ نمبر 5)

سیکرٹری صنعت وتجارت ڈاکٹر جاوید ماڈل بازاروں کی بہتری کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق معصوم بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلا کر مہم کا آغاز کر رہے ہیں

سفارتی سطح پر سرد مہری، پاک بھارت میں انسانی مسئلے پر اہم بریک تھرو

اسلام آباد (بیورو چیف) سفارتی سطح پر سرد مہری، پاک بھارت میں انسانی مسئلے پر اہم بریک تھرو، دونوں ملکوں کی جیلوں میں قیدیوں کی فلاح کیلئے قائم ججز کمیٹی بحال کرنے پر اتفاق، ٹیمیں جیلوں کا دورہ کر سکیں گی، تفصیلات کے مطابق مصدقہ ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ پاکستان اور بھارت کے (بقیہ نمبر 6)

الیکشن کمیشن کو مخصوص نشستوں پر اراکین کا نوٹیفکیشن جاری کرنیکا حکم

سیاسی جماعتوں کی جانب سے دی گئی فہرست بدل نہیں سکتی، بیرسٹر ظفر علی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے الیکشن کمیشن آف پاکستان کو پنجاب اسمبلی کی مخصوص نشستوں پر اراکین کا نوٹیفکیشن جاری کرنے کا حکم دیدیا۔ صوبائی اسمبلی کی مخصوص نشستوں پر ارکان کا نوٹیفکیشن جاری نہ کرنے کے خلاف پاکستان تحریک (بقیہ نمبر 7)

حکومت سود کے سدباب کیلئے اپنی نیک نیتی ثابت کرے، مفتی منیب

حکومت اور قومی مالیاتی ادارے سود سے متعلق وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کیخلاف اپیل میں جانے کے بجائے روڈ میپ تیار کریں

کیا قوم کولہو کے بیل کی طرح ہر بار گھوم پھر کر اسی مقام پر آ کھڑی ہوگی، جہاں سے سفر کا آغاز کیا تھا؟

کراچی (بیورو چیف) تنظیم المدارس اہل سنت پاکستان کے صدر مفتی منیب الرحمٰن نے کہا ہے کہ حکومت سود کے سدباب کے لیے عملی اقدامات کرتے ہوئے اپنی نیک نیتی ثابت کرے۔ مفتی منیب الرحمٰن نے کہا کہ حکومت اور قومی مالیاتی ادارے سود سے متعلق وفاقی شرعی عدالت کے فیصلے کے خلاف اپیل میں جانے کے بجائے روڈ میپ تیار کریں۔ کیا قوم کولہو کے بیل کی طرح ہر بار گھوم پھر کر (بقیہ نمبر 19)

وزیراعظم کا اسلام آباد میں زیر تعمیر جیل مکمل کرنیکا حکم

وزیراعظم نے جیل منصوبے کے جائزے کے لئے 6 رکنی کمیٹی بنا دی

اسلام آباد (این این آئی) دس سال سے زیر تعمیر جدید اسلام آباد جیل کمپلیکس کی قسمت جاگ گئی، وزیراعظم نے نوٹس لیتے ہوئے اسلام آباد میں 10 سال سے (بقیہ نمبر 11)

زرداری کا سندھ میں بلدیاتی الیکشن میں پی پی پی کی تاریخی کامیابی پر اظہار تشکر

پی پی پی کی بلدیاتی انتخابات میں تاریخی کامیابی عوام کے اعتماد کا عکاس ہے، سابق صدر

اسلام آباد (این این آئی) سابق صدر آصف علی زرداری نے سندھ میں بلدیاتی الیکشن میں پی پی پی کی تاریخی کامیابی پر اظہار تشکر کیا ہے۔ اپنے بیان میں سابق (بقیہ نمبر 12)

سی ٹی ڈی نے کالعدم تنظیم کے 11 کارندے گرفتار کر لیے

سی ٹی ڈی حکام کے مطابق گرفتار 11 دہشت گردوں سے ہینڈ گرینیڈ، اسلحہ اور نقدی برآمد کر لی گئی ہے

کارروائیوں کے دوران 63 افراد سے تفتیش کی گئی، ملزمان کیخلاف مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے

لاہور (بیورو چیف) محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے پنجاب میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرتے ہوئے کالعدم تنظیموں کے 11 کارندے گرفتار کر لیے۔ سی ٹی ڈی حکام کے مطابق گرفتار 11 دہشت گردوں سے ہینڈ گرینیڈ، اسلحہ اور نقدی برآمد کر لی گئی ہے جبکہ کارروائیوں کے دوران 63 افراد سے تفتیش کی گئی۔ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔

اسلام آباد؛ صدر آزاد کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری جاپانی پولیٹیکل کونسلر سے ملاقات کر رہے ہیں

حکومت کا موبائل فون کی درآمد پر پابندی واپس لینے کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو چیف) وفاقی حکومت کی جانب سے موبائل فون درآمد پر پابندی واپس کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کے احکامات رواں ہفتے جاری ہونے کی توقع ہے، ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نیز (بقیہ نمبر 20)

الیکشن کمیشن خود قانون کی خلاف ورزی کر رہا ہے، حافظ نعیم الرحمان

الیکشن کمیشن سندھ حکومت کا آلہ کار بنا ہوا ہے، ووٹرز اور امیدواروں کو سیاسی عمل سے روکا جا رہا ہے

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی کراچی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن خود قانون کی خلاف ورزی کر رہا ہے، سندھ حکومت، الیکشن (بقیہ نمبر 22)

IMF شرائط، پٹرولیم مصنوعات پر 11 فیصد سیلز ٹیکس یکم جولائی سے

اسلام آباد (بیورو چیف) آئی ایم ایف میمورنڈم آف اکنامک اینڈ فنانشل پالیسی فریم ورک دو روز میں پاکستان کو دیئے جانے کا امکان ہے۔ پاکستان نے آئی ایم ایف کی شرائط کے بعد پٹرولیم مصنوعات پر 11 فیصد سیلز ٹیکس یکم جولائی سے وصول کیے جانے (بقیہ نمبر 21)

لاہور؛ تحریک انصاف کی رہنما و سابق صوبائی وزیر ڈاکٹر یاسمین راشد عدالت میں پیشی کیلئے آ رہی ہیں

پنجاب اسمبلی ہنگامہ کیس، PTI رہنماؤں کی عبوری ضمانت میں توسیع

لاہور (بیورو چیف) لاہور کی سیشن عدالت نے پنجاب اسمبلی ہنگامہ آرائی کیس کی سماعت کرتے ہوئے پی ٹی آئی رہنماؤں کی عبوری ضمانتوں میں توسیع کر دی۔ لاہور کی عدالت کے ایڈیشنل سیشن جج یاسین (بقیہ نمبر 8)

مخصوص نشستوں پر عدالتی فیصلے کے بعد حمزہ شہباز اکثریت کھو چکے

وزیراعلیٰ کے انتخاب سے آئین و قانون کی پاسداری ممکن ہے، میاں محمود الرشید

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف کے پنجاب اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر میاں محمود الرشید نے کہا ہے کہ مخصوص نشستوں پر عدالتی فیصلے کے بعد حمزہ شہباز اکثریت کھو چکے ہیں، حمزہ شہباز فوری مستعفی ہوں۔ لاہور ہائیکورٹ فیصلے پر ردعمل میں میاں محمود الرشید نے مطالبہ کیا کہ فوری طور پر پنجاب اسمبلی کا اجلاس بلایا جائے۔ اسمبلی میں پی ٹی آئی کو برتری حاصل ہے۔

نیوٹرل کو چاہیے کہ نیوٹرل ہی رہے، یاسمین راشد

ہم سن رہیں کہ یہ نیوٹرل ہیں لیکن ہمیں جو پتا لگ رہا ہے وہ یہ ہے کہ نیوٹرل، نیوٹرل نہیں ہیں

خاص طور پر بریگیڈیر راشد کو کہنا چاہتی ہوں لاہور پر ہاتھ ہولا رکھیں ہم بھی یہیں کے رہنے والے ہیں

اسلام آباد؛ نادرا اور قومی صحت کارڈ صحت سہولت پروگرام کے حوالے سے وزارت نیشنل ہیلتھ سروسز ریگولیشنز اینڈ کوآرڈی نیشن اور پنجاب ہیلتھ مینجمنٹ کمپنی کیساتھ معاہدے پر دستخط کئے جا رہے ہیں

لاہور (ہادی حسین) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما ڈاکٹر یاسمین راشد کا کہنا ہے کہ نیوٹرل کو چاہیے کہ نیوٹرل ہی رہے۔ ڈاکٹر یاسمین راشد نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ ہم سن رہیں کہ یہ نیوٹرل ہیں لیکن ہمیں جو پتا لگ رہا ہے وہ یہ ہے کہ نیوٹرل، نیوٹرل نہیں ہیں۔ میں کہنا چاہتی ہوں کہ نیوٹرل، نیوٹرل ہی رہیں۔ ڈاکٹر یاسمین راشد کا مزید کہنا تھا کہ خاص طور پر بریگیڈیر راشد کو کہنا چاہتی ہوں لاہور پر ہاتھ ہولا رکھیں ہم بھی یہیں کے رہنے والے ہیں مقبوضہ کشمیر سے نہیں آئے۔ انہوں نے ساری ایڈمنسٹریشن کو ساتھ لیا ہوا ہے اور غنڈہ گردی کر رہے ہیں۔ تحریک انصاف کی پوری ٹیم کو مصروف رکھا ہوا ہے

اوباش نوجوان نے بہن کی سہیلی کو گھر بلا کر بے آبرو کر دیا

فیصل آباد (این این آئی) سمن آباد کے علاقہ محلہ مسعود آباد میں اوباش نوجوان نے بہن کی سہیلی کو گھر بلا کر بے آبرو کر دیا، پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کی تلاش شروع کر دی۔ مسعود آباد گلی نمبر 6 کے رہائشی نفیس احمد نے بتایا کہ اسکی بیٹی (م) کی سہیلی (و) (بقیہ نمبر 13)

ملک بھر میں بجلی کی لوڈشیڈنگ میں اضافہ ہوگیا

اسلام آباد (بیورو چیف) ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں میں بجلی کی لوڈشیڈنگ میں اضافہ ہوگیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ شہروں اور دیہات میں دورانیہ 6 سے 8 گھنٹے سے تجاوز کر گیا ہے۔ ذرائع نے کہا کہ بجلی کی طلب 28000 میگاواٹ سے (بقیہ نمبر 14)

ڈومیسٹک فلائٹس میں فیس ماسک کا استعمال دوبارہ لازمی قرار

اسلام آباد (بیورو چیف) کرونا کیسز میں ایک بار پھر اضافے کے پیش نظر پاکستان نے ڈومیسٹک فلائٹس میں فیس ماسک کا استعمال دوبارہ لازمی قرار دے دیا۔ سول ایوی ایشن اتھارٹی نے مقامی پروازوں میں ماسک کے استعمال سے متعلق نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

بھارتی اسکول ٹیچر کو پاکستانی نوجوان سے دوستی مہنگی پڑ گئی، واہگہ پر گرفتار

لاہور (بیورو چیف) ایک پاکستانی نوجوان کے ساتھ سوشل میڈیا پر بھارتی اسکول ٹیچر کو دوستی مہنگی پڑ گئی۔ پاکستان پہنچنے سے پہلے ہی واہگہ بارڈر پر بھارتی پولیس نے اسے حراست میں لے کر دارالامان بھجوا دیا۔ بھارتی پولیس سوشل میڈیا پر ہونے والی دوستی کو دوسرا رنگ دینے کی کوشش کر رہی ہے اور تحقیقات شروع کر دیں۔ تفصیلات کے مطابق (بقیہ نمبر 9)

چوہدری مونس الٰہی منی لانڈرنگ کیس میں شامل تفتیش

مونس الٰہی نے وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے میں اپنی ضمانت کا ریکارڈ جمع کرا دیا

لاہور (بیورو چیف) سابق رکن اسمبلی اور مسلم لیگ ق کے رہنما چوہدری مونس الٰہی منی لانڈرنگ کیس میں شامل تفتیش ہو گئے۔ چوہدری مونس الٰہی نے وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے میں اپنی ضمانت کا ریکارڈ جمع کرا دیا۔ اس سے قبل مونس الٰہی ایف آئی اے کی جانب سے ملنے والے سوالات کے جوابات بھی جمع کرا چکے ہیں۔ ایف آئی اے میں (بقیہ نمبر 10)

لیڈی کانسٹیبل اقراء قتل کیس معاملہ

اسلام آباد کی مقامی عدالت نے تین ملزمان کی ضمانتیں منسوخ کر دیں

اسلام آباد (چیف رپورٹر) لیڈی کانسٹیبل اقراء قتل کیس معاملہ، اسلام آباد کی مقامی عدالت نے تین ملزمان کی ضمانتیں منسوخ کر دیں۔ کیس کی سماعت ایڈیشنل سیشن جج طاہر عباس سپرا نے کی۔ ملزمان سید عارف حسین، عمران نبی اور افتخار احمد کی ضمانتیں منسوخ کی (بقیہ نمبر 15)

خاتون محتسب پنجاب نبیلہ حاکم خان مقامی ہوٹل میں مشاورتی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

عوامی للکار
Daily Awami Lalkaar روزنامہ راولپنڈی
باقاعدہ اقصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

مقبوضہ کشمیر، بھارتی سازش اور عالمی برادری

عالمی برادری کو درپیش سیاسی مسائل میں کشمیر کا تنازع سنگین ترین حیثیت کا حامل ہے۔کشمیر کا مسئلہ 70 سال سے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے ایجنڈے پر ہے۔اقوام متحدہ کی جنرل کونسل متفقہ طور پر کشمیر کے سیاسی مستقبل کو کشمیری عوام کی آزادرائے کی روشنی میں طے کرنے کی قرارداد منظور کر چکی ہے۔اس قرارداد کو بھارت اور پاکستان سمیت عالمی برادری کے تمام ممالک تسلیم کر چکے ہیں۔اسی قرارداد کی روشنی میں بھارت اور پاکستان کشمیر کے مسئلے کا حق خودارادیت کے تحت حل تلاش کرنے کے پابند ہیں۔اس مسئلے کے منصفانہ حل تک دونوں ملکوں کے آئین میں کشمیر اور کشمیری عوام کو خصوصی حیثیت دی۔دوسری طرف اسے بدقسمتی ہی قرار دیا جاسکتا ہے کہ کشمیر کے معاملے پر بھارت کی نیت شروع دن سے خراب رہی ہے۔بھارتی حکمران زبانی حد تک تو کشمیر کی حیثیت کو متنازع تسلیم کرتے رہے تاہم عملی طور پر اس قضیہ کو حل کرنے کی کبھی سنجیدہ کوشش نہیں کی۔پاکستان چونکہ کشمیر کے معاملے کو کشمیری عوام کی امنگوں کے تحت حل کرنے کا مطالبہ کرتا ہے،لہٰذا اسے بھارت کی خوفناک مخالفت کا سامنا رہا۔کشمیر کے تنازع پر حالات اس حد تک پیچیدہ ہو چکے ہیں کہ بھارت اسے زبردستی ہڑپ کر جانے کے لیے کسی بھی حد تک جانے سے گریز نہیں کر رہا۔مودی حکومت نے 5جولائی 2019 کو عالمی قانونین کی کھلی مخالفت کرتے ہوئے بھارتی آئین کے آرٹیکل 370 اور 35 سے کو ختم کر ڈالا۔اس غیر آئینی، غیر قانونی، غیر اخلاقی بلکہ فاشسٹ کارروائی سے بی جے پی حکومت نے مقبوضہ کشمیر اور اس کے عوام کی خصوصی حیثیت کو ختم کر ڈالا۔اس کے بعد منظم منصوبہ بندی سے بھارت بھر سے انتہاء پسند ہندوؤں کو جعلی دستاویزات کے ذریعے کشمیر میں آباد ہونے، جائیداد خریدنے اور کاروبار کرنے کی اجازت دینے کا سلسلہ شروع کیا۔کشمیری قیادت اور عوام کے بھرپور احتجاج کے باوجود مقبوضہ وادی میں آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کے لیے نسل کشی کا سفاک سلسلہ شروع کیا۔مقبوضہ کشمیر میں کرفیو، سنسر شپ، مار دھاڑ، لاٹھی چارج، قید و بند اور سخت ترین سزاؤں کے لیے خوف وہراس کی فضا پیدا کی۔پوری دنیا جانتی ہے کہ بھارتی آئین پر شب خون مارنے کے بعد سے نئی دہلی سرکار نے مقبوضہ وادی کو دنیا کی سب سے بڑی جیل میں تبدیل کر ڈالا ہے۔کشمیر عوام جمعہ، عیدین، محرم تک جیسے اجتماعات میں اکٹھا نہیں ہونے دیا جاتا۔اسرائیل کی مشاورت سے مقبوضہ کشمیر میں ہر وہ قدم اٹھایا جا رہا ہے جو صیہونی ریاست نے فلسطین میں اٹھایا۔بھارت کے ان اقدامات کا نتیجہ یہ ہے کہ کئی برس تک بھارت کی حمایت سے سیاست کرنے والی کشمیری قیادت کی سوچ اور فکر میں بھی تبدیلی پیدا ہو چکی ہے۔مقبوضہ کشمیر کے سابق کٹھ پتلی وزیر اعلیٰ فاروق عبداللہ اور محبوبہ مفتی ببانگ دہل بھارت کی کشمیر پالیسی کو تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں۔کشمیر کی بھارت نواز قیادت کھلے الفاظ میں اعتراف کر رہی ہے کہ انہوں نے دوقومی نظریے کی مخالفت کر کے سنگین غلطی کی۔کشمیر کا بھارت سے الحاق یا تعلق ایسی خام خیالی ہے جو کبھی عملی شکل اختیار نہیں کر سکتی۔کشمیری رہنما محبوبہ مفتی جو ایک وقت تک بھارت کے لیے گہرا نرم گوشہ رکھتی رہی ہیں اپنے تازہ ترین بیان میں انہوں نے کشمیری عوام کو بھارتی مظالم کے خلاف اٹھ کھڑا ہونے کی اپیل کی ہے۔اپنے بیان میں محبوبہ مفتی نے زور دے کر کہا کہ بھارت مقبوضہ کشمیر میں فلسطین جیسی صورتحال پیدا کر رہا ہے۔

یقین کامل

نام قراۃ العین شفیق ساہیوال

فاریہ کو طرح طرح کی اذیتیں سہنی پڑی اس کو بھرے بازار میں رسوا کیا گیا اس پر چوری کا الزام لگایا گیا اس کو بدکردار کہا گیا اس کی گواہی لیے بغیر اسے مجرم قرار دیا گیا اس کی وجہ کے وہ سات بہنوں کے بعد جب اس کے والدین کو بیٹے کی خواہش تھی لیکن بیٹی پیدا ہو گی اس وجہ سے اس کو اتنی تکلیفوں کا سامنا کرنا پڑا لیکن اس کے باوجود اس نے ہمت نہیں ہاری اللہ پر بھروسہ رکھا اسے اللہ پر یقین تھا کرچی کرچی وہ ہو چکی تھی اللہ پر کامل یقین کی وجہ سے اسے اللہ نے اسی کامیابی سے نوازا کہ وہ حیران تھی اور شکر گزار تھی۔

آنسو

ازقلم۔بینش احمد اٹک

آنسو اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہیں- بظاہر تو یہ چند نمکین پانی کے قطرے نظر آتے ہیں لیکن یہ اپنے آپ میں ایک مُنفرد پہچان رکھتے ہیں- یہ کہا جاتا ہے کہ جو انسان بہت زیادہ روتا ہے وہ بہت نرم دل کا مالک ہوتا ہے لیکن یہ خیال درست نہیں بہت سے لوگ ایسے ہیں جو بڑے سے بڑے غم کو صبر سے برداشت کر جاتے ہیں اور ایک آنسو کا قطرہ بھی اپنی آنکھ میں نہیں آتے اور بہت سے لوگ ایسے ہیں جو چھوٹی سی پریشانی میں بھی رو پڑتے ہیں آنسو ایک فطری عمل ہے یہ بندے کے اختیار سے باہر کی بات ہے- آنسو پھول کے پتوں پہ پڑی ہوئی شبنم کی طرح ہوتے ہیں یہ ہمارا غم ہلکا کرنے کا ذریعہ ہیں- آنسوؤں کا تعلق ہماری آنکھوں سے ہوتا ہے اور آنکھیں دل کا آئینہ کہلاہی جاتی ہیں- آنسو جذبات کا اظہار کرنے کا ذریعہ ہیں ہمارے دل میں جس قسم کے بھی جذبات پیدا ہوتے ہیں اُنکا اظہار آنکھوں کے ذریعے ہوتا ہے- شدید غم میں ہم روتے ہیں تو وہ دُکھ کے آنسو ہوتے ہیں اور بعض اوقات کسی خوشی کے موقع پر ہماری زبان بالکل گنگ ہو جاتی ہے اور فرطِ جذبات سے ہماری آنکھیں بھیگ جاتی ہیں یہ خُوشی کے آنسو کہلاتے ہیں- خوشی کے آنسوؤں میں ہم رونے کے ساتھ ساتھ مُسکرا بھی رہے ہوتے ہیں- ہمیں کوئی بھی دُکھ یا پریشانی ہوتی ہے تو ہماری آنکھیں خُود بخُود چھلک پڑتی ہیں- میں سوچتی ہوں کہ اگر یہ آنسو نہ ہوتے تو ہمارا درد کس راستے باہر آتا ہم تو اندر ہی اندر گھُٹ گھُٹ کے مر جاتے- اسی لئے کہا جاتا ہے کہ کوئی بھی دُکھ ہو تو اُسکو دل میں نہ رکھیں اور آنسوؤں کے ذریعے باہر آنے دیں- ہمارے آنسو خُدا کی طرف سے ایک انمول تحفہ ہیں یہ اظہار بندگی کا ذریعہ بھی ہیں ہم اپنے رب کے حضور سجدے میں رو رو کر دعا مانگتے ہیں اور بیشک وہ اپنے بندوں کی دعا رد نہیں کرتا- آنسوؤں کی چند اور قسمیں بھی ہیں جو محاورے کے طور پر استعمال کی جاتی ہیں- مثلاً خُون کے آنسو اور مگرمچھ کے آنسو وغیرہ- خُون کے آنسوؤں سے مُراد ایسی صورتِ حال ہے جب انسان بہت زیادہ مشکل وقت سے گزرتا ہے وہ اپنے آپکو بالکل تنہا محسوس کرتا ہے اور اُس وقت کے دوران وہ خُون کے آنسو روتا ہے- اور مگرمچھ کے آنسوؤں سے مراد ٹسوے بہانا لی جاتی ہے یعنی جُھوٹ مُوٹ کے آنسو بہت سے ایسے لوگ ہیں جو اپنا کام نکلوانے کیلئے مگرمچھ کے آنسو روتے ہیں- آنسو مسکراہٹ سے بھی زیادہ قیمتی ہوتے ہیں کیونکہ مسکراتو ہم سب کیلئے لیتے ہیں لیکن روتے ہم صرف ان کیلئے ہیں جنکی ہمیں پرواہ ہوتی ہے جنکو ہم کھونا نہیں چاہتے اور جو ہمارے دل کے بہت قریب ہوتے ہیں- لیکن ایک یہ بات یاد رکھیں آپکے آنسو اتنے بے مول نہیں کہ آپ انہیں کسی ناقدرے انسان کے لیے ضائع کریں- اور دوسری بات یہ کہ ہماری سب سے بڑی ہار یہ ہے کہ ہم کسی کا دل دُکھا ہیں اور اُسکی کی آنکھ میں ہماری وجہ سے آنسو آئیں- اسلیے ہم سبکو ایسا انسان بننا چاہیے کہ کسی کی آنکھ میں آنسو ہماری فکر اور ہماری پریشانی میں آئیں نہ کہ ہماری وجہ سے آئیں- آنسو بہت قیمتی ہیں انہیں اپنے رب کے آگے بہائیں اور اپنا دل ہلکا کریں کیونکہ وہ ہر مرض کی دوا کرنے والا ہے-

سجدہ خاص

بزم درویش
پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org

زینب بیٹی بہت دنوں کے بعد اپنے خاوند اور تین سالہ بیٹے کے ساتھ ملنے آئی تھی آکر کہنے لگی انکل میں اپنی فیملی کے ساتھ عمرے کی سعادت حاصل کر کے واپس آئی ہوں تو آپ کے تبرکات لے کر آپ کو سلام کرنے آگئی بہت دیر تک مکہ مدینہ کے روح پرور واقعات مشاہدات کا تذکرہ کرنے کے بعد جب واپس جانے لگی تو بولی انکل دعا کیجیے گا میرا خاتمہ ایمان پر ہو۔اللہ تعالیٰ ابا جان کی طرح مجھے بھی موت بھی نیک دے زینب یہ بات کہہ کر چلی گئی تو مجھے بہت سال پہلے کی ننھی منی زینب یاد آگئی ماضی کی چلمن سے یادوں کے دھند لکے چھٹنے لگے جب زینب اپنے والد صاحب میاں صاحب جن کو لاہور پیار سے حاجی صاحب کہا کرتے تھے کے ساتھ آتی تھی حاجی صاحب پہلی دفعہ مُجھ فقیر سے ملنے آئے تو بولے پروفیسر صاحب اللہ کا دیا سب کچھ ہے میں اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنا چاہوں تو عمر خضر چاہیے اللہ کے انعامات میرے سر کے بالوں سے زیادہ ہیں جب حاجی صاحب اللہ کی نعمتوں کا شکریہ ادا کر رہے تھے مجھے بہت اچھا لگا میرے پاس ارب پتی اعلیٰ سرکاری آفیسر بڑے وڈیرے زمیندار اعلیٰ عدلیہ کے جج صاحبان حتیٰ کہ زندگی کے ہر شعبے کے امراء بڑے صاحب اقتدار بھی جب آتے ہیں تو اللہ کی موجودہ نعمتوں کا شکریہ ادا کرنے کی بجائے جو تھوڑی بہت کمی یا آزمائش ہے اُس پر روتے پیٹتے نظر آتے ہیں اللہ تعالیٰ نے بچپن سے جوانی بڑھاپے تک جو انعامات کی بارش کی ہے اُس ادراک نہیں بلکہ جو تھوڑی سی وقتی پریشانی یا الجھن ہے اُس پر شکوے شکایتوں کے رجسٹر کھول کر بیٹھ جاتے ہیں پروفیسر صاحب خوب عبادت سخاوت کرتا ہوں لوگوں کے مہینے بھی لگائے ہوئے ہیں مدرسوں میں بھی ماہانہ بنیاد پر پیسے دیتا ہوں پھر بھی یہ پریشانی مشکل کیوں آن پڑی پیروں فقیروں امام مسجد کی بھی خدمت کرتا ہوں یعنی اگر اللہ نے ساری زندگی جو منہ سے نکالا وہ پورا کیا وہ یاد نہیں لیکن اگر زندگی کی کسی سٹیج پر تھوڑی بہت آزمائش آگئی تو جیسے مصیبتوں کے پہاڑ آن پڑے ہوں زیادہ تر اکثریت چھوٹے موٹے عارضی مسئلوں پر آئیں بھرتے شکوے کرتے نظر آتے ہیں شکووں کے اِس ہجوم میں جب بھی کوئی انسان آکر صبر شکر اللہ کی موجود نعمتوں کا اقرار شکر ادا کرتا ہے تو لگتا ہے شدید حبس میں ہوا کا تازہ ٹھنڈا جھونکا آیا جس سے روح معطر اور سرشار ہو گئی اِسی طرح زینب کے بابا جان حاجی صاحب آکر پہلے خوب اللہ کی نعمتوں کا اقرار شکر کرتے پھر کہتے تھوڑی سی آزمائش آگئی ہے اِس میں بھی سوہنے رب کی کوئی حکمت ہو گی آپ دعا کریں حاجی صاحب کی سات بیٹیاں تھیں دو کی شادی ہو گئی تھی اب مزید دو بیٹیاں جوان تھیں جن کی شادی کا وقت آیا تو حاجی صاحب نے ہاتھ پاؤں مارنے شروع کر دیئے کیونکہ حاجی صاحب مجھے بتا چکے تھے کہ بچیاں یتیم ہیں اِن کی ماں نہیں ہے میں ہی ماں بھی ہوں میں جب بچیوں کی ماں کی ذکر کرتا تو حاجی صاحب بات کو ٹال جاتے اِس لیے میں اب دانستہ طور پر بچیوں کی ماں کا ذکر نہیں کرتا تھا حاجی صاحب کی کل کائنات یہ سات بیٹیاں تھیں جن کے لیے حاجی صاحب زندہ تھے خاندانی کام آڑھت تھا چند دوکانیں اپنا گھر تھا اتنی کمائی ہو جاتی کہ گھر کے معاملات احسن طریقے سے چل جاتے بلکہ بہت سارے پیسے بچ جاتے حاجی صاحب ہر سال حج یا عمرے پر ضرور جاتے جہاں تک ممکن ہوتا یتیموں مسکینوں کی مدد بھی خاموشی سے کرتے حاجی صاحب کی اِن خوبیوں کی وجہ سے میں اُن کی بہت قدر کرتا تھا وہ جب بھی آتے پیار احترام سے ملتا حاجی صاحب نیک انسان تھے نماز روزے کے پابند سخاوت دوسروں کی مدد پر ہر وقت تیار دنیاوی کوئی عیب نہیں تھا حاجی صاحب شاندار مثالی اسلامی زندگی گزار رہے تھے اس کے باوجود وہ ہر ملاقات پر یہ ضرور کہتے پروفیسر صاحب دعا کریں میرا خاتمہ ایمان پر ہو تو میں کہتا حاجی صاحب آپ ایک مکمل دینی بھائی ہیں آپ کو یقیناً اللہ تعالیٰ معاف کرے گا آپ پریشان نہ ہوا کریں تو حاجی صاحب آسمان کی طرف اشارہ کر کے کہتے موت پہلی گھاٹی ہے اگر پہلی گھاٹی خاتمہ ایمان پر ہوا موت اچھی نیک آئی تو امید ہے خیر اور روز محشر کے معاملات بھی ٹھیک ہوں گے لیکن اگر خاتمہ ایمان پر نہ ہوا تو مسئلہ بہت خراب ہے وقت کا بے راس گھوڑا دوڑتا رہا سالوں پر سال گزرتے چلے گئے آخر کار حاجی صاحب کی ساتوں بیٹیاں شادی کر کے پردیسن ہو گئیں زینب بھی جوان ہوئی تو حاجی صاحب نے خاندان میں ہی اچھا لڑکا دیکھ کر اُس کو گھر داماد بنا کر گھر میں رکھ لیا کاروبار کے معاملات زینب کے میاں کے سپرد کر دیئے اب بھی کبھار میرے پاس آجاتے عمرے پر جب موقع ملتا کمزوری بڑھاپے کی وجہ سے معاشرتی سرگرمیوں کو ترک کر دیا اب زیادہ وقت مسجد میں ہی گزارتے ظہر کی نماز کے لیے مسجد جاتے تو اکثر عشاء کی نماز کے بعد ہی گھر آتے پھر اچانک ایک دن زینب کا آہوں سسکیوں میں روتے ہوئے فون آیا انکل میرے ابو آپ کے حاجی صاحب اب اِس دنیا میں نہیں رہے تین دن پہلے اُن کا انتقال ہو گیا میرے دل میں برسوں سے ایک سوال پھڑ پھڑا رہا تھا میں نے فوری پوچھا بیٹی حاجی صاحب کی موت کیسے واقع ہوئی تو زینب گلوگیر لہجے میں بولی وہ فجر کی نماز میں سجدے میں تھے کہ سجدے کی حالت میں ہی اللہ کے پاس چلے گئے اُن کی برسوں کی دعا قبول ہوئی جو وہ سب سے آپ سے خانہ کعبہ جا کر خاتمہ بالخیر کی دعائیں کرتے اور کراتے تھے تو میں بولا بیٹی وہ حاجی نمازی تھے سخاوت کرتے تھے ان کی یہ خواہش تو پوری ہونی تھی تو زینب بولی یہ نیکیاں تو وہ کرتے ہی تھے اُن کی اصل نیکی کوئی اور ہے جو راز ہے وہ میں آکر آپ کو بتاؤں گی زینب کا فون بند ہو گیا تو میری حیرتوں کے دریچے کھل گئے کہ حاجی صاحب اور کونسی بڑی نیکی کرتے تھے جس کا مجھے نہیں پتہ اور وہ خاص نیکی ایسی قبل ہوئی کہ حاجی صاحب کو سجدے میں موت نصیب ہوئی جو نیک لوگوں کی نشانی ہے اب شدت سے انتظار میں تھا کہ زینب کب آکر بتائے گی اُس راز سے پردہ اٹھائے گی کہ حاجی صاحب کا خاتمہ بالخیر ہوا پھر انتظار ختم ہوا چند دن بعد زینب میرے پاس آئی تو ہم دیر تک حاجی صاحب کی باتیں اور نیکیاں یاد کرتے رہے پھر بولی انکل آج میں آپ کو وہ نیکی بتاتی ہوں جو بابا جان کو سجدے میں موت نصیب ہوئی وہ راز یہ ہے کہ ہم حاجی صاحب کی سگی بیٹیاں نہیں ہیں حاجی صاحب نے تو ساری زندگی شادی ہی نہیں کی میں حاجی صاحب کے بھائی کی بیٹی ہوں میرے والدین کا روڈ حادثے میں انتقال ہوا تو ہم دو بہنیں تھیں حاجی صاحب نے ہمیں اپنی بیٹیاں بنا لیا اور وعدہ لیا وہ شادی نہیں کریں گے خاندان میں پانچ اور یتیم بیٹیاں تھیں ان کو بھی گھر لے آئے اب انہوں نے ساری زندگی پرائی بیٹیوں کو سگی اولاد کی طرح پالا شادیاں کیں یہ وہ نیکی تھی جو انہیں سجدے میں موت نصیب ہوئی زینب حاجی صاحب کی بہت ساری باتیں کر کے چلی گئی تو مجھے حاجی صاحب کا بار بار خاتمہ خیر کا سوال یاد آنے لگا کہ اللہ تعالیٰ کو اگر منانا ہو تو انسان کی خدمت سے بہتر کوئی عمل نہیں۔

غزل

کتنی خوش فہم تھی میں
کہ کوئی چاہتا مجھے بھی ہے
کسی کو میری ہنسی،
میری خوشی عزیز ہے
میری آنکھوں کے آنسو
کسی کو بے چین کرتے ہیں
میری اداسی اور
میری کمی محسوس ہوتی ہے
میری خاموشی کسی کے
دل پہ لگتی ہے
کوئی روتا ہے جدائی
میں میری صورت کو ترستا
ہے
میری محبت کسی کو اپنی انا سے
پیاری ہے
لیکن آج پتہ چلا کہ محبت
تھی ہی نہیں
میرے نہ ہونے سے
اس کی زندگی میں
کمی کوئی ہوتی ہی نہیں
میری یاد اس کے دل پہ
دستک دیتی ہی نہیں
بس میں خوش فہم تھی
شگفتہ خان بھلوال

یہ سمجھا جاتا ہے میں صرف فلموں میں ہی کامیڈین کردار نبھا سکتا ہوں

ایک وقت تھا جب سینئرز، جونیئرز ایک ساتھ بیٹھا کرتے تھے اور دوستانہ ماحول ہوتا تھا، افضل خان



لاہور (این این آئی) نامور اداکار افضل خان (ریمبو) نے کہا ہے کہ میرے بارے میں یہ خیال کیا جاتا ہے کہ میں صرف فلموں میں کامیڈین کردار نبھا سکتا ہوں، مجھے جس طرح کے بھی کردار دیئے جائیں میں انہیں نبھانے کی صلاحیت رکھتا ہوں، ایک وقت تھا جب سینئرز اور جونیئرز ایک ساتھ بیٹھا کرتے تھے اور دوستانہ ماحول ہوتا تھا جس سے اعتماد ملتا تھا اور سینئرز سے سیکھنے کی وجہ سے جونیئرز کے کام میں نکھار آتا تھا۔ایک انٹرویو میں افضل خان نے کہا کہ بڑے اداکاروں کی یہ نشانی ہے کہ وہ اپنے جونیئرز کی تربیت کرتے ہیں۔

آج کل لڑکے شادی کیلئے زیادہ بے تاب ہیں، انیل کپور

میں نے کئی فلمیں دوستوں کی مدد کیلئے کیں، بعد میں خود سمجھ نہیں آیا ایسا کیوں ہو

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار انیل کپور نے کہا ہے کہ آج کل کے بچوں میں بالکل صبر نہیں ہے اور لڑکے شادی کے لیے زیادہ بے تاب ہیں جب کہ لڑکیوں کی طرف سے ایسا کچھ دیکھنے کو نہیں ملتا، لڑکیاں کہتی ہیں کہ وقت ہوگا تو کرلیں گے۔ انیل کپور ان دنوں اپنی آنے والی فلم 'جگ جگ جیو' کی تشہیری مہم میں مصروف ہیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے شادی سمیت اپنے کیریئر سے متعلق گفتگو کی۔ اداکار نے کہا کہ 'آج کل کے بچوں میں بالکل صبر نہیں ہے اور لڑکے شادی کے لیے زیادہ بے تاب ہیں جب کہ لڑکیوں کی طرف سے ایسا کچھ دیکھنے کو نہیں ملتا، لڑکیاں کہتی ہیں کہ وقت ہوگا تو کرلیں گے۔ انیل کپور نے کہا کہ اب خواتین زیادہ سمجھدار اور بااختیار ہیں، وہ اس حوالے سے کوئی دباؤ نہیں لیتیں۔

فلم لگان کی سٹوری سن کر کام کرنے سے انکار کر دیا تھا، عامر خان

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ سپر سٹار اور مسٹر پرفیکشنسٹ عامر خان ان دنوں اپنی فلم لال سنگھ چڈھا کی ریلیز کے منتظر ہیں، وہ لگ بھگ نصف صدی پر مبنی اپنے فلمی کیریئر کے دوران متعدد ہٹ فلموں میں کام کر چکے ہیں، لیکن فلم لگان اور ونس اپون اے ٹائم ان انڈیا جو 2001 میں ریلیز ہوئی، اسے اب بھی ان کی یادگار فلموں میں سے ایک قرار دیا جاتا ہے۔ایک انٹرویو میں سپر سٹار نے فلم لگان کے حوالے سے انکشاف کیا کہ جب انہوں نے اس کا سکرپٹ سنا تو اسے کرنے سے انکار کر دیا تھا، لیکن ان کے والدین نے انہیں یہ فلم کرنے کیلئے راضی کیا۔عامر خان نے بتایا کہ جب انہوں نے 5 منٹ تک لگان کی سٹوری سنی تو انہوں نے فوراً اسے کرنے سے منع کرتے ہوئے کہا کہ یہ تو عجیب سی کہانی ہے، میں نے فلم کے لکھاری اشتوش گوواریکر سے کہا کہ مجھے تو ذرا مختلف سٹوری چاہیے جس پر وہ چلے گئے اور جب لگان کی فائنل سٹوری لیکر آئے تو میں نے ان سے کہا کہ یہ بہترین ہے۔



عاطف اسلم کی سپرہٹ گانے کیساتھ بھارت میں واپسی

سوشل میڈیا پر پاک بھارت مداحوں کی جانب سے گلوکار کے گانے کی تعریفیں

کراچی (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ پاکستانی گلوکار عاطف اسلم کی اپنے نئے سپرہٹ گانے رنگریزہ کے ساتھ بھارتی میوزک انڈسٹری میں واپسی ہوگئی ہے۔پاک بھارت کشیدگی کے باعث بھارت کی حکومت نے پاکستانی فنکاروں پر پابندی عائد کی ہوئی ہے لیکن عاطف اسلم، راحت فتح علی خان سمیت پاکستانی گلوکاروں کے چرچے آج بھی بھارت میں ہوتے نظر آرہے ہیں۔اب عاطف اسلم نے بھارتی پنجابی فلم کیلئے اپنا نیا گانا ریکارڈ کروایا ہے جس کا عنوان رنگریزہ ہے جبکہ گانا پنجابی زبان میں گایا گیا ہے۔یہ گانا گزشتہ روز ریلیز کیا گیا۔

اداکارہ اریبہ حبیب نے قربانی کا جانور خرید لیا

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ اریبہ حبیب نے قربانی کے لیے بیل خرید لیا۔اداکارہ نے انسٹاگرام پر مداحوں کے لیے قربانی کے جانور کی ویڈیوز اور تصاویر شیئر کیں اور اللہ کا شکر بھی ادا کیا۔تصویر اور ویڈیو ایک کیٹل فارم کی ہے جس میں اریبہ کو قربانی کے جانور کے ساتھ کھڑے، پیار کرتے اور اسے گھماتے دیکھا جاسکتا ہے، اداکارہ نے اپنے بیل کا نام شیر خان رکھا ہے۔اداکارہ کی پوسٹ پر دیگر شوبز شخصیات کی جانب سے ردعمل کا اظہار کیا جا رہا ہے۔

میرا پلیٹر بھی پوسٹ کرو، آمنہ الیاس نے بھی منال خان کو ٹرول کر دیا

کراچی (این این آئی) امریکی ماڈل کی انسٹاگرام سٹوری کے معاملے پر سوشل میڈیا صارفین کے بعد ماڈل و اداکارہ آمنہ الیاس نے بھی منال خان کو ٹرول کر دیا۔حال ہی میں منال خان نے امریکی ماڈل اور معروف کاروباری خاتون کائلی جینر کی انسٹاگرام سٹوری کا سکرین شاٹ لے کر اسے اپنی انسٹا سٹوری پر لگا لیا تھا۔کائلی جینر کی جانب سے انسٹاگرام پر لگائی گئی مختلف پھلوں سے سجی رنگ برنگی تھالی کو منال خان کا کاپی کرنا ہی تھا کہ سوشل میڈیا سمیت ٹوئٹر پر بھی منال خان پر تنقیدی پوسٹس کا سیلاب آگیا تھا۔تاہم اب آمنہ الیاس نے اپنی انسٹاگرام سٹوری میں انگور، فالسوں، خوبانی، کیلوں اور آڑو کی تصویر شیئر کی۔آمنہ الیاس نے اپنی انسٹاگرام سٹوری میں تصویر شیئر کرتے ہوئے منال خان کو ٹیگ کیا۔اداکارہ نے منال خان کو ٹیگ کرتے ہوئے لکھا کہ میرا پلیٹر بھی پوسٹ کرو اور اس کے ساتھ ہی اظہار محبت والے ایموجی کا اضافہ بھی کیا۔

مجھے عالیہ سے اچھی بیوی نہیں مل سکتی تھی، رنبیر کپور کا اعتراف

کیا عالیہ بھٹ رنبیر کی پہلی بیوی نہیں؟ اداکار نے پرانی کہانی بیان کردی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اسٹارز رنبیر کپور اور عالیہ بھٹ شادی کے بعد اپنی ازدواجی زندگی سے بھرپور لطف اندوز ہوتے ہوئے دکھائی دے رہے ہیں، عالیہ سے شادی سے قبل رنبیر کپور کے بالی ووڈ حسیناؤں دپیکا پڈوکون اور کترینہ کیف سے بھی معاشقے مشہور رہے لیکن پھر یہ سلسلہ عالیہ پر آکر رکا اور دونوں شادی کے بندھن میں بندھ گئے۔رنبیر کی عالیہ سے شادی کے بعد سیکڑوں دل ٹوٹ گئے تھے لیکن کیا عالیہ بھٹ رنبیر کپور کی پہلی بیوی نہیں ہیں؟ اپنی آنے والی فلم شمشیرہ کی پروموشن میں مصروف رنبیر کپور سے ایک پروگرام کے دوران سوال کیا گیا کہ وہ اپنی زندگی میں کسی پرستار کی جانب سے کیا گیا کوئی پاگل پن یا ایسا واقعہ بتائیں جسے وہ آج بھی یاد کرتے ہوں؟اس کے جواب میں ایک قصہ بتاتے ہوئے رنبیر کپور نے کہا کہ میں اسے پاگل پن تو نہیں کہوں گا کیوں کہ یہ ایک منفی لفظ ہے لیکن میرے شوبز کے ابتدائی دنوں میں جب میں اپنے والدین کے ساتھ کرشنا راج بنگلے میں رہتا تھا۔

بھارت اور لیسٹر شائر کے درمیان چارروزہ ٹور میچ ہار جیت کے فیصلے کے بغیر ختم ہوگیا

لیسٹر (اے ایف پی) بھارت اور لیسٹر شائر کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان چارروزہ ٹور میچ ہار جیت کے فیصلے کے بغیر ختم ہوگیا۔بھارت نے اپنی دوسری اننگز 364 رنز 9 کھلاڑی آؤٹ پر ڈیکلیئر کر دی تھی۔ ویرات کوہلی 67، سریکار بھارت 43، شریاس آئیر 32، شردل ٹھاکر 28، چیتیشورا پجارا 22 اور ہنومان وہاری 20 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے، و رویندرا جدیجا 56 اور محمد سراج ایک رن کے ساتھ ناٹ آؤٹ رہے، لیسٹر شائر کی جانب سے نوڈیپ سیانی نے تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔لیسٹر شائر نے بھارت کے خلاف چارروزہ ٹور میچ کے چوتھے اور آخری روز مہمان ٹیم کی طرف سے ملنے والے 367 رنز ہدف کے تعاقب میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 219 رنز بنائے، شبھمان گل 62 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

سری لنکا اور آسٹریلیا کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ 29 جون سے شروع ہوگا

گال (اے ایف پی) سری لنکا اور آسٹریلیا کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان دو ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ 29 جون سے 3 جولائی تک گال انٹرنیشنل سٹیڈیم، گال میں کھیلا جائے گا۔اس سے قبل آسٹریلوی ٹیم تین ٹی 20 انٹرنیشنل میچوں کی سیریز 2-1 سے جیت چکی ہے جبکہ میزبان ٹیم نے کینگروز کو پانچ ون ڈے میچوں کی سیریز میں 2-4 سے شکست دی تھی۔دونوں ٹیموں کے درمیان دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کے دونوں میچز گال میں ہی کھیلے جائیں گے۔ دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا دوسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 8 سے 12 جولائی تک گال میں ہی کھیلا جائے گا۔ آسٹریلوی ٹیسٹ ٹیم کو مایہ ناز فاسٹ باؤلر پیٹ کمنز لیڈ کر رہے ہیں جبکہ سری لنکن ٹیم دیموتھ کرونا رتنے کی زیر قیادت میدان میں اترے گی۔

گیرو ڈی اٹالیہ ڈون سائیکل ریس کا 33 واں ایڈیشن 30 جون سے شروع ہوگا

روم (اے ایف پی) انٹرنیشنل سائیکلنگ یونین (یو سی آئی) کے زیر اہتمام گیرو ڈی اٹالیہ ڈون سائیکل ریس کا 33 واں ایڈیشن 30 جون سے اٹلی میں شروع ہوگا۔ گیرو ڈی اٹالیہ ڈون ایک ورلڈ ٹور ایونٹ ہے جو خواتین سائیکلسٹس کا پیشہ ورانہ ایونٹ ہے جو گیارہ دن میں مکمل ہوگا۔ گیرو ڈی اٹالیہ ڈون ایونٹ کا 33 واں ایڈیشن جو 30 جون سے شروع ہوکر 10 جولائی تک شیڈول ہے جس میں دنیا کی نامور سائیکلسٹ شرکت کریں گی۔گیرو ڈی اٹالیہ ڈون سائیکل ریس 10 مرحلوں پر محیط ہوگی جس میں خواتین سائیکل سوار 1,002.6 کلومیٹر کا سفر طے کریں گی۔گیرو ڈی اٹالیہ سائیکل ریس اٹلی کے شہر کیگلیاری سے شروع ہوکر پاڈووا میں ختم ہوگی۔ایونٹ میں 23 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے ایکشن میں نظر آئیں گی۔گیرو ڈی اٹالیہ ڈون سائیکل ریس میں ہالینڈ کی اینا وان ڈیر بریگن اپنے اعزاز کا دفاع کریں گی۔

ویسٹ انڈیز کی دوسرے ٹیسٹ میچ پر گرفت مضبوط

بنگال ٹائیگرز نے دوسری اننگز میں 132 کے سکور پر 6 وکٹیں گنوا دیں

سینٹ لوشیا (اے ایف پی) ویسٹ انڈیز کی دوسرے اور آخری ٹیسٹ میچ پر گرفت مضبوط، بنگلہ دیش کی ٹیم مشکلات کا شکار ہوگئی، دوسری اننگز میں 132 رنز پر 6 وکٹیں گنوا دیں اور اس کو ویسٹ انڈین اننگز کا سکور برابر کرنے کے لئے مزید 42 رنز کی ضرورت ہے، اس سے قبل مڈل آرڈر بیٹر کائل میئرز کی شاندار سنچری کی بدولت ویسٹ انڈیز کی ٹیم بنگلہ دیش کے خلاف جاری ٹیسٹ کے تیسرے روز اپنی پہلی اننگز میں 174 رنز کی برتری کے ساتھ 408 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی تھی، مڈل آرڈر بیٹر کائل میئرز نے شاندار بیٹنگ کا مظاہرہ کیا، انہوں نے نہ صرف ٹیسٹ کیریئر کی دوسری سنچری سکور کی بلکہ 146 انفرادی سکور بنا کر ٹیم کی میچ پر گرفت مضبوط بنا دی۔ کپتان کریگ براتھویٹ 51، جان کیمبل 45 اور جرمائن بلیکوڈ 40 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

نیشنل انڈر 19 کپ 28 جون سے شروع ہوگا

اس اقدام سے ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل کرکٹ کے درمیان فرق کم کرنے میں بھی مدد ملے گی

لاہور (سی ایم لنکس) 28 جون سے شروع ہونے والے نیشنل انڈر 19 کپ میں مقابلے کی فضاء بڑھانے کے لیے پی سی بی نے سابق ٹیسٹ اور فرسٹ کلاس کرکٹرز کو انڈر 19 کھلاڑیوں کی کوچنگ کی ذمہ داری دی ہے۔اس اقدام سے ڈومیسٹک اور انٹرنیشنل کرکٹ کے درمیان فرق کم کرنے میں بھی مدد ملے گی۔ بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کرنے والے عبدالرزاق سینٹرل پنجاب انڈر 19 بلیوز، ارشد خان بلوچستان انڈر 19 بلیوز، عمران فرحت سینٹرل پنجاب انڈر 19 وائٹس، غلام علی سندھ انڈر 19 وائٹس، شاہد انور سدرن پنجاب انڈر 19 وائٹس اور اعجاز احمد جونیئر ناردرن انڈر 19 وائٹس کے ہیڈ کوچز کی ذمہ داریاں نبھائیں گے۔ اعزاز چیمہ، ظہور علی، سمیع اللہ نیازی، رفعت اللہ مہمند، شعیب خان اور ہمایوں فرحت بحیثیت اسسٹنٹ کوچز فرائض سرانجام دیں گے۔ فرسٹ کلاس کرکٹرز اقبال امام سدرن پنجاب انڈر 19 بلیوز، محمد مسرور سندھ انڈر 19 بلیوز اور حبیب بلوچ بلوچستان انڈر 19 وائٹس کی کوچنگ کریں گے۔

پی ایس ایل؛ فرنچائزز کو سبز باغ میں نوٹوں کے درخت کی تلاش

پہلی بار پی ایس ایل فرنچائزز کو منافع ہوا جو بہت خوش آئند بات ہے

کراچی (سی ایم لنکس) پی ایس ایل فرنچائزز کو سبز باغ میں نوٹوں کے درخت کی تلاش ہے۔ چیئرمین پی سی بی رمیز راجہ نے چند ماہ قبل پی ایس ایل 7 سے فرنچائززکو 90 کروڑ روپے کے فائدے کا اعلان کیا تھا، اب جمعے کو لاہور میں میڈیا کانفرنس میں انھوں نے دعویٰ کیا کہ ہر فرنچائز نے 81 کروڑ روپے کا نفع پایا ہے، دوسری جانب حقائق اس کے برعکس ہیں، فرنچائز نے بھی چیئرمین پی سی بی کی بات پر حیرانی ظاہر کی۔ رمیز نے پی ایس ایل سینٹرل پول سے فی فرنچائز حصے کا تو اعلان کیا مگر وہ یہ حقیقت فراموش کر گئے کہ منافع تو اخراجات نکالنے کے بعد ہوتا ہے، پی ایس ایل کی ٹی وی پروڈکشن کے اخراجات کا 95 فیصد حصہ فرنچائزز کو دینا پڑتا ہے۔ایک محتاط اندازے کے مطابق اس مد میں ہر ٹیم کو کم از کم 13 کروڑ روپے تو دینا ہی ہوں گے، ہوٹل میں رہائش کے ساڑھے 6 کروڑ، سفری اخراجات ایک کروڑ، ڈیلی الاؤنس سوا کروڑ ہے۔

آئرلینڈ اور بھارت کے درمیان دوسرا اور آخری ٹی 20 میچ (آج) کھیلا جائے گا

ڈبلن (اے ایف پی) آئرلینڈ اور بھارت کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان دو ٹی 20 میچوں پر مشتمل سیریز کا دوسرا اور آخری میچ (آج) منگل کو دی ولیج، ڈبلن میں کھیلا جائے گا۔ بھارت کو میزبان ٹیم کے خلاف سیریز میں 0-1 کی برتری حاصل ہے۔ بھارت نے پہلے ٹی 20 میچ میں آئرلینڈ کی ٹیم کو 7 وکٹوں سے شکست دی تھی۔ آئرلینڈ کی ٹیم کو اینڈریو بالبرنی لیڈ کر رہے ہیں جبکہ بھارتی ٹیم مایہ ناز آل راؤنڈر ہاردک پانڈیا کی زیر قیادت میدان میں اترے گی۔ دو ٹی 20 میچوں کی سیریز کا دوسرا اور آخری میچ 28 جون کو دی ولیج، ڈبلن میں ہی کھیلا جائے گا۔

مایانک اگروال انگلینڈ کے خلاف پانچویں ٹیسٹ کے لئے بھارتی ٹیسٹ سکواڈ میں شامل

نئی دہلی (اے ایف پی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے مایہ ناز اوپننگ بلے باز مایانک اگروال کو انگلینڈ کے خلاف ایجبسٹن میں یکم جولائی سے شروع ہونے والے ٹیسٹ میچ کے لئے ٹیم میں واپس بلایا گیا ہے۔ 31 سالہ مایانک اگروال کو بھارتی ٹیم کے کپتان اور مایہ ناز بلے باز روہت شرما کے کور اپ کے طور پر انگلینڈ میں ٹیسٹ سکواڈ میں شامل ہونے کے لیے بلایا گیا ہے۔ روہت شرما کو انگلینڈ کے خلاف ایجبسٹن ٹیسٹ سے قبل کورونا وائرس ٹیسٹ کی رپورٹ مثبت آنے کے بعد مشکوک قرار دیا گیا ہے اور وہ اب قرنطینہ مدت پوری کرنے کے لئے تنہائی میں ہیں۔ مایانک اگروال نے اپنا آخری ٹیسٹ میچ مارچ میں سری لنکا کے خلاف کھیلا تھا اور اس کے بعد وہ ٹیسٹ کے لیے منتخب کی گئی بھارتی ٹیم سے باہر ہو گئے تھے۔ بھارت کو انگلینڈ کے خلاف پانچ ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں پہلے ہی 1-2 کی برتری حاصل ہے۔

بابر اعظم نے ویرات کوہلی سے ایک اور ریکارڈ چھین لیا

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے ایک اور ریکارڈ میں ویرات کوہلی کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ پاکستان کرکٹ ٹیم کے آل فارمیٹ کپتان بابر اعظم ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کرکٹ کی بیٹر رینکنگ میں نمبرون پوزیشن پر موجود ہیں۔ تاہم اب انہیں ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کی تاریخ میں سب سے زیادہ دنوں تک ٹاپ پوزیشن پر رہنے کا اعزاز حاصل ہو گیا ہے جبکہ اس سے قبل یہ اعزاز بھارت کے سابق کپتان ویرات کوہلی کے پاس تھا۔ بابر اعظم ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں سب سے زیادہ 1028 دنوں تک نمبرون پوزیشن پر گزار چکے ہیں جبکہ اس فہرست میں دوسرا نمبر بھارت کے ویرات کوہلی اور تیسرا نمبر انگلینڈ کے کیون پیٹرسن کا ہے۔ بھارت کے سابق کپتان ویرات کوہلی 1010 دنوں تک ٹاپ پوزیشن پر رہ چکے ہیں جبکہ پیٹرسن 729 دنوں تک ٹاپ پوزیشن پر رہ چکے ہیں۔ یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے۔

بقیہ 1

فیصلہ بعد میں جاری کرے گا۔ نیپرا حکام نے کہا کہ عالمی سطح پر ایندھن کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، اگر مہنگے فیول استعمال کیے جاتے تو اضافہ اور زیادہ ہوتا۔ سی پی پی اے حکام نے کہا کہ عالمی سطح پر فیول کی قیمتیں بہت زیادہ بڑھ گئی ہیں، پہلے عالمی سطح پر کوئلہ بہت سستا تھا لیکن روس یوکرین جنگ کے باعث عالمی سطح پر کوئلہ بہت زیادہ مہنگا ہوا۔ سی پی پی اے حکام کے مطابق جولائی کے آخر کے لیے 42 ڈالر قیمت پر ایل این جی کارگوز مل رہے ہیں لیکن موجودہ ملکی حالات میں انھیں خریدنا ناممکن ہے، طویل مدتی معاہدے کے تحت بھی ایک کارگو کینسل کر دیا گیا ہے۔ چیئرمین نیپرا نے کہا کہ ہم کچھ کریں تو بھی پھنسیں اور وہی صورتحال ہے، بجلی نہ بنائیں تو لوڈشیڈنگ اور بنائیں تو مہنگی والی صورتحال ہے، چھ سات روپے والی بجلی کے پلانٹس چلوانے پر نیپرا کی مخالفت کی گئی تھی، اللہ کا واسطہ ہے اب درآمدی فیول پر پلانٹس نہ لگائیں۔

بقیہ 2

اور دوست ممالک سے توازن ادائیگی کے لیے وصول کردہ ڈپازٹس کی واپسی کی مدت میں بھی رعایت مل جائے تو یہ ایک اچھا منظر نامہ ہوگا، مگر سوال یہ ہے کہ اس کے بعد کیا ہوگا؟ چند سال کے بعد قرضوں کی ادائیگی کی ڈیڈ لائن پھر آ جائے گی، پھر آئی ایم ایف سے قرض بھی ملنے والا نہ ہو اور دوست ممالک کے ڈپازٹس بھی لوٹانے ہوں اور جب تیل اور بجلی کے نرخوں اور ٹیکسوں میں اضافے کی گنجائش بھی باقی نہ ہو؟ کیا اس صورتحال کے لیے ہمارے پاس کوئی پلان بی، یا کوئی پلان اے ہی ہے؟ حکومت اس وقت ہنگامی صورتحال سے نمٹ رہی ہے، مگر اس ایمرجنسی کے بعد بحالی کی منصوبہ بندی بھی ہونی چاہیے۔ معیشت کی بحالی کے لیے ایک حقیقت پسندانہ اور جامع پلان تشکیل دینا بہت ضروری ہے جس میں مختصر، وسط اور طویل مدتی اہداف واضح کیے گئے ہوں۔ مختصر مدتی ہدف کے طور پر روپے کی ناقدری کی وجہ سے اشیائے صرف کی گرانی اور کمزور طبقے پر بڑھتے ہوئے دباؤ پر توجہ دی جائے۔ دوسرے یہ کہ سرکاری شعبے کے نقصانات بالکل سرکاری تجارتی اداروں کے نقصان میں جانے پر توجہ دی جائے۔ اس کے بعد غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی کو ہدف بنایا جائے۔

بقیہ 3

جس کے تحت لائسنس ہولڈر بھنگ کی خریداری، بیجوں کی درآمد اور کاشت کرنے کا مجاز ہوگا، لائسنس ہولڈر کو دس ایکڑ زمین رکھنا ہوگی اور لائسنس پندرہ سال کیلئے جاری کیا جائے گا۔ پالیسی کے تحت اتھارٹی کے بورڈ آف گورننس میں چھ وزارتوں اور صوبائی چیف سیکرٹریز کی نمائندگی ہوگی جس سے بھنگ کی خریداری، بیج کی درآمد، کاشت کاری، ٹرانسپورٹیشن پر انسداد منشیات فورس کی کڑی نگرانی ہوگی۔ بھنگ کی کاشت مینوفیکچرنگ پودے لگانے کے معیار کے سیکیورٹی پروٹوکولز بھی انسداد منشیات ڈویژن دیکھے گی، انسداد منشیات فورس سرمایہ کاروں کے متعارف کردہ بیج کا آڈٹ کرے گی۔ اتھارٹی سرمایہ کاروں کو صنعتی ہیمپ اور بھنگ کا لائسنس جاری کرے گی، پالیسی کی حتمی منظوری وفاقی کابینہ سے لی جائے گی۔

بقیہ 4

خودمختاری کا سودا اور نوجوانوں کا مستقبل گروی رکھ دیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک ہمارا ہے اور فیصلے آئی ایم ایف کر رہا ہے۔ یہ عجوبہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ حکمرانوں کے اثاثے بڑھ رہے ہیں اور عوام کے پاس دو وقت کی روٹی کے لیے وسائل دستیاب نہیں۔

بقیہ 5

پنجاب حمزہ شہباز کا کہنا تھا کہ ملزم کو جلد گرفتار کر کے قانون کی گرفت میں لایا جائے۔ معصوم بچے کو قتل کرنے والا ملزم کسی رعایت کا مستحق نہیں۔ مقتول بچے کے لواحقین کو انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 6

درمیان انسانی ہمدردی کے حوالے سے ایک دیرینہ اور اہم مسئلے پر قابل ذکر پیشرفت ہوئی ہے جس میں اسلام آباد اور دہلی قیدیوں کے حوالے سے سے قائم کی گئی ریٹائرڈ ججز کمیٹی کو بحال کرنے پر متفق ہوگئے ہیں ججز کمیٹی کی بحالی کی یہ تجویز بھارت نے گزشتہ سال دسمبر میں دی تھی جس پر پاکستان میں متعلقہ اداروں اور وزارتوں سے طویل مشاورت کرنے کے بعد اب پاکستان نے بھارت کی اس تجویز سے اتفاق کر لیا ہے'

بقیہ 7

انصاف کی درخواست پر جسٹس شاہد وحید نے سماعت کی۔ سماعت میں وکیل پی ٹی آئی بیرسٹر علی ظفر نے موقف اختیار کیا کہ الیکشن کمیشن منحرف ارکان کو ڈی سیٹ کرنے کے بعد ان نشستوں پر نوٹیفکیشن جاری کرنے کا پابند ہے لیکن نوٹیفکیشن جاری نہیں کر رہا۔ بیرسٹر علی ظفر نے مزید کہا کہ سیاسی جماعتوں کی جانب سے دی گئی فہرست بدل نہیں سکتی، ہم نے الیکشن کمیشن کو کہا کہ اس پر نوٹیفکیشن جاری کریں۔ وکیل پی ٹی آئی کے مطابق الیکشن کمیشن نے کہا کہ 20 سیٹیں خالی ہوئی ہیں، اس لیے پارٹیوں کی مجموعی نشستیں بھی بدلی ہیں، کمیشن کا یہ مؤقف قانون کے مطابق نہیں ہے۔ ایڈووکیٹ جنرل پنجاب نے کہا کہ مخصوص نشستوں پر نوٹیفکیشن عام انتخابات کے بعد جاری ہوتا ہے، اب 20 نشستوں کی وجہ سے سیاسی جماعتوں کی پوزیشن بدل گئی ہے، میرا تو خیال تھا کہ یہ لارجر بینچ کا معاملہ ہے۔ بعد ازاں لاہور ہائی کورٹ نے الیکشن کمیشن کا فیصلہ کالعدم قرار دیتے ہوئے کمیشن کو مخصوص نشستوں کا نوٹیفکیشن جاری کرنے کا حکم دے دیا۔

بقیہ 8

موبل نے ضمانتوں کی درخواستوں پر فیصلہ سنایا۔ دوران سماعت پی ٹی آئی رہنماؤں کی طرف سے برہان معظم ملک ایڈووکیٹ نے دلائل دیے۔ عدالت کی جانب سے یاسمین راشد، سبطین خان، میاں اسلم اقبال، میاں محمود الرشید، سعدیہ سہیل رانا، ثانیہ کامران، زینب، شیر اکبر، میاں عاطف اور عمر آفتاب کی عبوری ضمانت میں توسیع کی گئی ہے۔ پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف پنجاب اسمبلی میں ہنگامہ آرائی کا مقدمہ تھانہ قلعہ گجر سنگھ پولیس نے درج کر رکھا ہے۔ پی ٹی آئی رہنما، سابق صوبائی وزیر ڈاکٹر یاسمین راشد نے سیشن کورٹ میں میڈیا سے گفتگو کے دوران کہا کہ حکومت اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی ہے۔ ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ ہماری اطلاع کے مطابق نیوٹرل نیوٹرل نہیں رہے، ان کو نیوٹرل ہی رہنا چاہیے، ہم چاہتے ہیں کہ الیکشن صاف اور شفاف ہوں۔

بقیہ 9

بھارتی ریاست مدھیہ پردیش کے ضلع ریوا سے تعلق رکھنے والی 24 سالہ اسکول ٹیچر نے سوشل میڈیا ویب سائٹ پر لاہور کے ایک نوجوان سے دوستی کر لی۔ بعد میں یہ دوستی شادی کے عہد وپیماں میں بدل گئی۔ خاتون نے نئی دہلی میں پاکستانی ہائی کمیشن سے رابطہ کیا اور تمام دستاویزات پوری کرنے کے بعد پاکستان کا ویزہ حاصل کر لیا۔ 14 جون کو مذکورہ خاتون گھر والوں کو بتائے بغیر گھر سے نکل پڑی۔ گھر والوں نے اس کی گمشدگی کی رپورٹ پولیس میں درج کروادی جس نے تمام ہوائی اڈوں، ریلوے بکنگ سنٹرز اور بارڈر حکام کو الرٹ کر دیا۔ وہ واہگہ بارڈر پر پاکستان جانے کے لئے امیگریشن کاؤنٹر پر پہنچی تو حکام نے اس بارے میں فوری طور پر مدھیہ پردیش پولیس کو آگاہ کر دیا جس نے اسے حراست میں لینے کا کہا۔ امیگریشن حکام نے اسے مقامی دارالامان پہنچا دیا جہاں سے اسے گزشتہ روز مدھیہ پردیش پولیس کے حوالے کر دیا گیا۔ دریں اثنا مدھیہ پردیش پولیس واقعہ کو دوسرا رنگ دینے کی کوشش کر رہی ہے۔ پولیس سپرنٹنڈنٹ نوین بھسین کا کہنا ہے کہ خاتون کو پاکستان سے نامعلوم نمبروں سے فون کالز مل رہی تھیں جس کی تحقیقات کی جارہی ہیں۔

بقیہ 10

ضمانت کا ریکارڈ جمع کرانے کے بعد مونس الہی آج منی لانڈرنگ کیس میں شامل تفتیش ہوگئے اور بعد ازاں ایف آئی اے سے روانہ ہوگئے۔ واضح رہے کہ مونس الہی پر 24 ارب روپے کی منی لانڈرنگ کا الزام ہے اور وہ 4 جولائی تک عبوری ضمانت پر ہیں۔

بقیہ 11

زیر تعمیر جیل اگلے مالی سال میں مکمل کرنے کا حکم دیدیا، وزیراعظم نے جیل منصوبے کے جائزے کے لئے 6 رکنی کمیٹی بنا دی، وزیر داخلہ رانا ثناء اللہ خاں کمیٹی کے سربراہ مقرر کر دیئے گئے، سیکرٹری ٹو وزیراعظم ڈاکٹر توقیر شاہ کے دستخطوں سے حکمنامہ جاری کر دیا گیا، کمیٹی کے ارکان میں داخلہ، ہاؤسنگ، منصوبہ بندی کی وزارتوں کے سیکریٹری، چیف کمشنر اسلام آباد اور چیئرمین سی ڈی اے شامل ہیں، وزیراعظم نے کمیٹی سے ایک ہفتے میں رپورٹ طلب کر لی۔ وزیراعظم نے اسلام آباد ماڈل جیل کمپلیکس کا سالوں سے زیر التوا منصوبہ ہنگامی بنیادوں پر مکمل کرنے کی ہدایت کی ہے، جدید ترین عالمی معیار اور سہولیات کی حامل اسلام آباد جیل کی تعمیر فنڈز نہ ہونے کی وجہ سے مکمل نہیں ہو سکی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق وزیراعظم نے اگلے مالی سال میں مکمل کرنے کا حکم دیدیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق اسلام آباد جیل کمپلیکس کو دنیا کی جدید جیلوں کی طرز پر تعمیر کیا جارہا ہے، عمارت کی تعمیر نہ ہونے سے اسلام آباد کے قیدیوں کو گزشتہ 6 دہائیوں سے اڈیالہ جیل میں رکھا جارہا ہے، موٹر وے کے قریب سیکٹر ایچ 16 میں 90 ایکڑ پر محیط یہ جدید جیل تعمیر ہو رہی ہے، دو منزلہ بیرکوں والی اس جیل میں 2 ہزار قیدیوں کو رکھا جائے گا، سکول، مساجد، ٹریننگ سینٹر، کھیل کے میدان، آئی سی ٹی کی عدالتیں بھی اس جیل کمپلیکس کا حصہ ہیں، جیل حکام کی تربیت کا مرکز بھی منصوبے کا حصہ ہے۔

بقیہ 12

صدر نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات میں جیالوں کی کامیابی عوام کی کامیابی ہے، پی پی پی کی بلدیاتی انتخابات میں تاریخی کامیابی عوام کے اعتماد کا عکاس ہے۔ انہوں نے الیکشن میں کامیاب ہونے والے امیدواروں اور ان کی کامیابی کو یقینی بنانے والے جیالوں کو مبارک باد دی۔ سابق صدر نے کہا کہ پارٹی عہدیداران و کارکنان کی محنت اور عزم کا یہ تسلسل ملک میں عوام کی فیصلہ کن فتح کی نوید ثابت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جیالو، بلدیاتی انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے بھی کمر کس لو، فتح آپ کی منتظر ہے۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ پیپلز پارٹی عوام کے بلدیاتی مسائل حل اور اداروں کو بااختیار بنانے کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 13

رہائش پذیر ہے اور بیٹی کے اس کے ساتھ قریبی تعلقات تھے، گزشتہ دنوں اسکی بیٹی اپنی سہیلی کو ملنے اس کے گھر گئی تو جہاں پر سہیلی کے بھائی نے زبردستی کمرہ میں لے جا کر بے آبرو کر دیا، بعد ازاں بیٹی نے گھر آ کر صورتحال سے آگاہ کیا تو پولیس نے کارروائی عمل میں لاتے ہوئے مقدمہ درج کر کے اوباش ملزم کی تلاش شروع کر دی۔

بقیہ 14

تجاوز کر گئی جبکہ پیداوار 22500 میگاواٹ کے لگ بھگ ہے۔ دوسری جانب لیسکو میں بھی ٹرپنگ کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے، جہاں پر شارٹ فال 600 میگاواٹ ہو گیا ہے۔ ذرائع کا یہ بھی بتانا ہے کہ ڈسکوز میں ہائی لاسز فیڈرز پر لوڈشیڈنگ بڑھ گئی ہے۔

بقیہ 15

گئیں۔ عدالت نے ایک ملزم سید عاطف شاہ کی پانچ ہزار روپے مچلکوں کے عوض ضمانت منظور کی۔

بقیہ 16

شیخ رشید نے کہا کہ ایم کیو ایم نے کہا کہ کل سندھ کے انتخابات میں بیلٹ باکسوں کو اٹھا کر لے گئے جبکہ نواب شاہ میں پریزائیڈنگ افسران کو بھی اٹھا کر لے گئے۔ سابق وزیر داخلہ نے کہا کہ عالمی سازش سے عمران خان کے خلاف عدم اعتماد لایا گیا لیکن عمران خان کی سیاست عدم اعتماد تحریک اور سازش سے بڑی ہے۔ اس وقت 13 رکنی سازشی اتحاد حکومت میں ہے۔ اس سے قبل، پی ٹی آئی لانگ مارچ کے دوران توڑ پھوڑ کے معاملے پر اسلام آباد ڈسٹرکٹ سیشن عدالت نے شیخ رشید، شہریار آفریدی اور خرم نواز کی ضمانت منظور کی۔ سیشن جج کامران بشارت مفتی نے سماعت کی، ملزمان کی درخواست ضمانت پانچ پانچ ہزار روپے مچلکوں پر منظور کی گئی۔ پی ٹی آئی لانگ مارچ کے دوران تھانہ کوہسار میں ملزمان پر مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

بقیہ 17

میں تبدیل کرے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اتنی مقدار میں کاربن ڈائی آکسائیڈ کو کشید کرنے کا مطلب 20 ہزار گاڑیوں کو سڑکوں سے ہٹانے کے مترادف ہوگا اور ایسا کرنے سے برطانیہ کے 2050 تک کاربن ڈائی آکسائیڈ کے صفر اخراج کے ہدف کو حاصل کرنے میں مدد ملے گی۔ سوڈیم بائی کاربونیٹ کو غذائی اور طبی اغراض سے بیکنگ سوڈا اور ڈائیلیسز مشین اور فارماسوٹیکل ادویات کے طور پر استعمال کیا جاسکے گا۔ ٹاٹا کیمیکلز یورپ نے نارتھ وچ میں اپنا نیا پلانٹ اس مقصد کے ساتھ کھولا ہے کہ کمپنی کے کاربن اخراج میں 10 فی صد سے زیادہ کی کمی لائی جاسکے۔ کاربن ڈائی آکسائیڈ فیسلیٹی میں موجود میتھین گیس سے چلنے والے پاور پلانٹ کی چمنیوں سے کشید کیا جائے گی اور صاف کرنے سے قبل اس کو ٹھنڈا اور مائع شکل میں ڈھالا جائے گا۔ اس پلانٹ پر دو کروڑ پاؤنڈز کی لاگت آئی ہے جس میں سے 40 لاکھ پاؤنڈز برطانوی حکومت نے دیے۔ کمپنی کاربن ڈائی آکسائیڈ کو سوڈیم بائی کاربونیٹ میں تبدیل کرنے کے لیے جس عمل کا استعمال کرے گی وہ برطانیہ میں پیٹنٹ ہے۔ کمپنی نے اپنے سوڈیم بائی کاربونیٹ کا نام ایکو کارب رکھا ہے اور اس کو دنیا بھر میں 60 سے زائد ممالک میں برآمد کیا جائے گا۔ برآمد کیے جانے والے سوڈیم کاربونیٹ کا زیادہ تر حصہ گردوں کے مرض میں مبتلا لوگوں کے علاج کے لیے کیے جانے والے ڈائیلیسز میں استعمال کیا جائے گا۔ دیگر ممکنہ استعمال میں پانی کی صفائی، غذا، جانوروں کی خوراک اور فارماسوٹیکل ادویات کی پی ایچ مساوی کرنا شامل ہوگا۔

بقیہ 18

جمشید، ڈاکٹر عرفان، ڈاکٹر یحیٰی کے علاوہ آئی پی ایچ کی بی ایس ایل لیب III کے انچارج ڈاکٹر عبید اللہ قاضی، ڈاکٹر شاہد محمود بھی موجود تھے۔ عالمی ادارہ صحت کے کنٹری ہیڈ نے پبلک ہیلتھ لیب کا بھی وزٹ کیا۔ ڈاکٹر صائمہ اور ڈاکٹر عبید اللہ قاضی نے ڈاکٹر مہیلا لا اور انکے وفد کو ہیضہ کی بیماری کی تشخیص کیلئے واٹر اینڈ سٹول لیب ٹیسٹ کے SoPs بارے بریفنگ دی۔ ڈاکٹر صائمہ ایوب نے بتایا کہ کالرہ ٹیسٹ کیلئے آئی پی ایچ میں سٹول سیمپلز سروسز ہسپتال، سرگنگا رام ہسپتال کے علاوہ ڈسٹرکٹس ہیڈ کوارٹرز ہسپتال قصور اور شیخوپورہ سے اور پانی کے نمونہ جات شہر کے مختلف علاقوں سے لائے جاتے ہیں۔ ڈبلیو ایچ او کے نمائندہ نے پبلک ہیلتھ سرگرمیوں کے حوالہ سے آئی پی ایچ کی ورکنگ کو سراہا اور لیبارٹری کو مستحکم کرنے کیلئے سپورٹ اور ہیضہ لیب ٹیسٹ کیلئے سرولوجی کٹس فراہم کرنے کا اعلان کیا۔ اجلاس میں آئی پی ایچ کی تنظیم restructuring کیلئے PC-I پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں طے پایا کہ آئی پی ایچ میں ڈیزیز سرویلنس سنٹر قائم کرنے کیلئے جلد ہی اجلاس بلایا جائیگا۔

بقیہ 19

اسی مقام پر آ کھڑی ہوئی، جہاں سے سفر کا آغاز کیا تھا؟۔ اپنے ایک بیان میں مفتی منیب الرحمن نے کہا کہ 1992 میں امتناع ربا کا پہلا فیصلہ آیا، 1999 میں سپریم کورٹ کے شریعت اپیلٹ بنچ نے اس کی توثیق کی اور 2002 میں واپس 1992 کے نقطہ آغاز پر جا پہنچے اور اب 2022 میں ایک بار پھر واضح فیصلہ آیا، لیکن اب پھر اپیل میں جا کر اس فیصلے کو لٹکانے کی تیاریاں ہیں۔ مفتی منیب الرحمن نے مزید کہا کہ اس کا واضح مطلب یہ ہے کہ حکومت کی سمت واضح نہیں ہے۔ لہذا ربا کے سدباب کے لیے حکومت اقدامات کرے۔ اپنی نیک نیتی کے ثبوت کے لیے ایک بااختیار ٹاسک فورس یا کمیشن یا اسٹیرنگ کمیٹی تشکیل دے، جو اس سلسلے میں درپیش رکاوٹوں کے ازالے میں حکومت کی مدد کرے اور حکومتی اقدامات پر نظر بھی رکھے۔

بقیہ 20

رمبادلہ کے ذخائر کو سنبھالا دینے کیلئے مختلف اشیا کی درآمد پر پابندی عائد کر دی تھی تاہم وزارت صنعت و پیداوار، کابینہ سیکرٹریٹ اور کسٹم کی جانب سے سفارش کی گئی تھی کہ موبائل فون کی درآمد سے کروڑوں روپے ٹیکس وصولی ہوتی ہے' ذرائع نے بتایا کہ اعداد و شمار کے مطابق رواں سال کے پانچ ماہ میں 9 لاکھ 40 ہزار اور گزشتہ سال 2021 میں ایک کروڑ 2 لاکھ 60 ہزار موبائل فون درآمد کیے گئے ہیں۔

بقیہ 21

اور ہر ماہ 5 روپے فی لٹر لیوی عائد کر کے 50 روپے تک لیجانے پر اتفاق کیا ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ نے کہا کہ پاکستان چاہتا ہے آئی ایم ایف پروگرام 2023 کے بجائے 2024 تک چلے۔ پیٹرولیم مصنوعات پر 11 فیصد سیلز ٹیکس یکم جولائی سے وصول کیا جائے' پیٹرولیم مصنوعات پر 50 روپے فی لیٹر لیوی لگانے کا فیصلہ کیا گیا ہے، پیٹرولیم مصنوعات پر ہر ماہ 5 روپے فی لیٹر لیوی لگانے پر اتفاق ہوا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹیکس وصولیوں کا ہدف 7005 سے بڑھا کر 7450 ارب روپے کرنے اور کسٹم وصولی کا ہدف 950 ارب سے بڑھا کر 1005 ارب روپے کرنے پر اتفاق ہوا ہے۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کا کہنا تھا کہ جی ایس ٹی وصولیوں کا ہدف 3008 سے بڑھا کر 3300 ارب روپے کرنے پر اتفاق کیا گیا ہے، انکم ٹیکس کی مد میں وصولیوں کا ہدف 55 ارب روپے کر دیا گیا۔

بقیہ 22

لیکن بلدیاتی انتخاب کا پہلا مرحلہ کرانے میں ناکام ہوئے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ الیکشن کمیشن سندھ حکومت کا آلہ کار بنا ہوا ہے، ووٹرز اور امیدواروں کو سیاسی عمل سے روکا جارہا ہے، 2،2 لسٹیں ایک سال سے چل رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک لسٹ بلدیاتی الیکشن میں استعمال ہو رہی ہے اور دوسری کو عام انتخابات میں استعمال کرنے کا کہا جارہا ہے، ایک لسٹ وہ ہے جسے غیر حتمی کہا جارہا ہے، حتمی لسٹ کیلئے 8300 کی سہولت بھی بند کر دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن فوری اپنا قبلہ درست کرے، ایم کیو ایم ہمیشہ عوام کے حقوق پر سودا بازی کرتی ہے، گرین لائن کے لیے بسیں وفاقی حکومت نے دی ہیں۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ رات بھر لوڈشیڈنگ سے جینا دوبھر ہو گیا ہے، کے الیکٹرک اوور بلنگ کر کے خون نچوڑ رہی ہے، کے الیکٹرک تمام سیاسی جماعتوں کا ایک مافیا ہے، گورنر ہاؤس عرصے سے کے الیکٹرک کا سہولت کار بنا ہوا ہے۔ ہر وفاقی حکومت کے الیکٹرک کو سپورٹ کرتی ہے، کے الیکٹرک سوئی سدرن کا 100 بلین سے زائد کا مقروض ہے۔

بقیہ 23

کی خلاف بھی کارروائی کی گئی ہے، وزارت توانائی کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ ایک سال کے دوران ملک بھر میں بجلی چوری، ڈائریکٹ کنڈوں میں ملوث افراد کے خلاف 36 ہزار 981 ایف آئی آرز رجسٹرڈ کی گئی اور صرف 832 افراد کو حراست میں لیا گیا جبکہ اس دوران بجلی چوری میں ملوث ڈسکوز کے 124 اہلکاروں کے خلاف بھی کارروائی کی گئی ہے ملک بھر میں بجلی کی ترسیل کرنے والی 9 ڈسکوز نے مجموعی طور پر جرمانے کی مد میں اپنے صارفین پر 1 ارب 7 کروڑ 36 لاکھ 40 ہزار یونٹس ڈالے گئے جن کی مجموعی مالیت 15 ارب 25 کروڑ 15 لاکھ 80 ہزار روپے بنتے ہیں جبکہ تمام ڈسکوز نے جرمانوں کی مد میں صارفین سے 4 ارب 67 کروڑ 18 لاکھ 30 ہزار روپے وصول کئے ہیں جو کہ مجموعی طور پر 30.63 فیصد ریکوری بنتی ہے دستاویزات کے مطابق پیسکو نے مجموعی طور پر 10 ہزار 337 بجلی چوروں کے خلاف مقدمات درج کئے جن میں سے صرف 263 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ محکمے کے کسی بھی اہلکار کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی گئی گیپکو نے 1 ہزار 683 بجلی چوروں کے خلاف مقدمات درج کئے جبکہ کسی کو بھی گرفتار نہیں کیا گیا فیسکو نے 1 ہزار 146 بجلی چوروں کے خلاف مقدمات درج کئے جن میں سے 34 کو گرفتار کیا جاسکا آئیسکو نے بجلی چوری کے 204 مقدمات درج کئے جن میں سے صرف 3 کو گرفتار کیا جا چکا۔ دستاویزات کے مطابق میپکو حکام نے 10 ہزار 702 افراد کے خلاف بجلی چوری کے مقدمات درج کئے جس میں 263 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ محکمے کے ایک اہلکار کے خلاف بھی کارروائی کی گئی حیسکو حکام نے بجلی چوری کے 13 مقدمات درج کئے جس میں کوئی گرفتار نہیں ہوئی جبکہ بجلی چوروں کی مدد سمیت دیگر الزامات کے تحت ادارے کے 75 ملازمین کے خلاف بھی کارروائی کی گئی سیپکو حکام نے بجلی چوری کے 65 مقدمات درج کئے جن میں سے 4 ملزمان کو گرفتار کیا گیا جبکہ ادارے کے اپنے 13 ملازمین کے خلاف بھی کارروائی کی گئی اسی طرح کیسکو نے بجلی چوری میں ملوث افراد کے خلاف 53 مقدمات درج کئے جن میں 18 کو گرفتار کیا گیا جبکہ ادارے کے 10 ملازمین کے خلاف بھی کارائی کی گئی اسی طرح لیسکو حکام نے بجلی چوری کی مد میں سب سے زیادہ 21 ہزار 382 مقدمات درج کئے جن میں سے 247 افراد کو حراست میں لیا گیا ہے جبکہ ادارے کے 25 اہلکاروں کے خلاف بھی کارروائی کی گئی ہے، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میں سیکرٹری توانائی نے یہ انکشاف بھی کیا تھا کہ توانائی کے شعبے میں گردشی قرضے 4 ہزار ارب سے تجاوز کر گئے ہیں اور توانائی کا شعبہ کو ملک کو دیمک کی طرح چاٹ رہا ہے ان گردشی قرضوں میں توانائی کے شعبے میں گردشی قرضہ 2500 ارب جبکہ گیس کے شعبے میں گردشی قرضہ 1500 ارب روپے سے تجاوز کر گیا ہے اجلاس کے دوران کمیٹی اراکین نے ریلوے پولیس کی طرح ڈسکوز میں بھی پولیس کا نظام بنانے کی تجاویز پیش کیں تا کہ بجلی چوری کے خلاف موثر اقدامات کئے جاسکیں۔

بقیہ 24

خان نفرت کا پیامبر ہیں۔ قومی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر دفاع نے کہا کہ کینیڈا کے پارلیمنٹ کے ممبر نے پاکستان کی افواج، آرمی چیف پر تنقید کی، رکن پارلیمنٹ نے انسانی حقوق اور پاک فوج کے حوالے سے ذکر کیا، ذکر کیا گیا پاک فوج کی مداخلت کی وجہ سے عمران خان کی حکومت گئی، کینیڈا میں بھی مسلمانوں کے ساتھ متعصبانہ رویہ ہے۔

بقیہ 25

معاہدے کے بعد بجٹ پیش کیا گیا ہے تو آئندہ چند ماہ میں بلڈرز کو بھی ٹیکس کے دائرے میں لائیں گے، ان سے ہماری بات چل رہی ہے۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ مسلم لیگ ن کے لیے مشہور تھا کہ وہ سرمایہ کار کو لاتی ہے تو اس پر انہوں نے جواب دیا کہ مسلم لیگ نے ہمیشہ سرمایہ کاری کو ترجیح دی، سرمایہ کار کو بھی، پاکستان میں جو بھی مسلم لیگ (ن) کی حکومت میں منصوبے بنے ہیں ان سے سرمایہ دار کو فائدہ نہیں ہوا۔ اس سوال کے جواب میں کہ پیٹرول مہنگا ہو گیا اور آپ نے ٹیکس لگا دیے تو اس کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ ہماری ذمہ داری ہے، مغرب کے اندر معیشت کم ہو رہی ہے، کوشش ہے کہ سب فیکٹریوں کو مناسب قیمت پر بجلی اور گیس فراہم کریں، اگلے چند دنوں میں مناسب قیمت میں چوبیس گھنٹے بجلی اور گیس دیں گے۔ جب ان سے پوچھا گیا کہ سپر ٹیکس لگانے کے بعد اسٹاک مارکیٹ نیچے آئی تو اس پر انہوں نے کہا کہ اسٹاک مارکیٹ ایک دن نیچے گئی لیکن جیسے لوگ سمجھیں گے تو بہتر ہو جائے گا، اسٹاک مارکیٹ میں بہتری آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ میں بینک کا حصہ دار ہوں، میں نے خود پر اور شہباز شریف پر بھی ٹیکس لگایا ہے، کیا اس ملک میں اتنا امیر و غریب میں فرق ہوگا کہ لوگوں کو بنیادی سہولیات میسر نہیں آئیں گی۔ قبائلی اضلاع پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ترقیاتی بجٹ سے ہم نے پیسے نہیں کاٹے، جتنا فاٹا پر خرچ ہوتا ہے وہ وفاق ادا کرتا ہے، تو کیا یہ سب کی ذمہ داری نہیں کہ اس میں حصہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ اقتصادی کمیٹی کا اجلاس بلائیں گے، اس میں بات کریں گے لیکن ہر چیز کا ازالہ نہیں ہو سکتا، ستر سالوں سے کے پی کے لوگ محروم رہے ہیں، تمام صوبوں اور حکومتوں کو بیٹھ کر کام کرنا ہوگا تاکہ بلوچستان، فاٹا کے علاقوں میں محرومی نہ ہو۔

بقیہ 26

علمبردار جرنیل سنگھ بھنڈراں والا کی تعلیمات کی مرہون منت قرار دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق علیحدہ خالصتان ریاست کے قیام کی مہم کے خلاف بھارتی حکومت کے سخت ترین اقدامات کے باوجود بھی کسی نہ کسی صورت میں اب بھی زندہ ہے، اس کی مثال پنجاب کے سنگرور پارلیمانی حلقے کا ضمنی انتخاب ہے جہاں خالصتان نواز سیاسی جماعت شرومنی اکالی دل (امرت سر) کے صدر سمرن جیت سنگھ مان نے اڑھائی لاکھ سے زائد ووٹ حاصل کیے۔

بقیہ 27

تعداد خطرناک حد تک ہوتیں۔ محقق کا کہنا تھا کہ جانبداری نے ویکسین کی تقسیم میں بگاڑ پیدا کیا لیکن ویکسینیشن کی وجہ سے دنیا بھر میں تقریبا 1 کروڑ 98 لاکھ اضافی اموات روکی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ تحقیق کے نتائج اس چیز کی پیمائش کرتے ہیں کہ اگر یہ ویکسینز نہ ہوتیں تو یہ عالمی وبا کتنی تباہ کن ہو سکتی تھی۔ اڈیلوں کی تحقیقاتی ٹیم کی ماڈلنگ، جس میں چین میں ہونے والی اموات کی غیر یقینی تعداد شامل نہیں تھی، کو معلوم ہوا کہ ویکسین کی خوراکوں کی وجہ سے بھارت میں 42 لاکھ زندگیاں اور امریکا میں 19 لاکھ زندگیاں بچائیں۔ لانسیٹ انفیکشس ڈیزیز جرنل میں شائع ہونے والی تحقیق کے مطابق ویکسین سے برازیل میں 10 لاکھ، فرانس میں 6 لاکھ 31 ہزار اور برطانیہ میں 5 لاکھ 7 ہزار افراد کی زندگیاں بچیں۔ سی اینڈ کے ایک ادارے میں تحقیق کرنے والے سائنس دانوں کے گروپ نے حال ہی میں اندازہ لگایا کہ کووڈ ویکسین کی وجہ سے 1 کروڑ 63 لاکھ زندگیاں بچیں۔

بقیہ 28

ٹریننگ ورکشاپ کے افتتاحی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی زبان ہی آپ کی شناخت ہے۔ انہوں نے کہا کہ زبانوں کے تحفظ کے لئے عالمی سطح پر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت ملک میں بولی جانے والی زبانوں کے تنوع کے لئے کوشاں ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جدید دنیا میں کئی زبانیں تیزی سے معدومیت کی جانب بڑھ رہی ہیں۔ وزیر اطلاعات ونشریات نے کہا کہ زبانوں کے تحفظ کیلئے ڈاکومنٹیشن کی ضرورت ہے، نوجوان نسل کو اپنے ثقافتی ورثے سے آشنا کرنے کی ضرورت ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ترقی کے لئے کثیر اللسانی کلچر ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ زبان مختلف کلچرز کو اکٹھا کرتی ہے۔

بقیہ 29

معروف زمیندار ملک جمال متیلا کو چار روز قبل چک 148 دس آر کے قریب نامعلوم افراد نے کار پر فائرنگ کر کے موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔ زمیندار مقتول جمال متیلا غیر شادی تھا اس اندھے قتل کے مقدمے کا مدعی مقتول کا حقیقی بھتیجا زوہیب متیلا تھا پولیس تھانہ جہانیاں نے اس اندھے قتل کی تفتیش کا آغاز کیا مقتول ملک جمال کے موبائل فونز سے بعض فون کالز کا ڈیٹا نکلوا کر تحقیقات کی گئیں تو مقتول جمال متیلا کی حقیقی بھتیجا جو کہ اس مقدمہ قتل کا مدعی تھا خود ہی قاتل نکلا۔ پولیس ذرائع کے مطابق مقتول ملک جمال متیلا علاقہ کا ایک بڑا زمیندار تھا جس کی شادی نہ ہوئی تھی جبکہ چند روز سے مقتول نے شادی کرنے اور اپنی جائیداد دینی مدرسے کو دینے کا ارادہ ظاہر کیا تھا جس کا مقتول کے بھتیجے زوہیب متیلا کو رنج تھا اور اس نے طے شدہ منصوبہ کے تحت اپنی ایک ساتھی اسد متیلا کے ساتھ مل کر اپنے حقیقی چچا ملک جمال متیلا پر فائرنگ کر کے اسے موت کے گھاٹ اتار دیا اور قتل چھپانے کیلئے خود ہی مقدمے کا مدعی بن گیا۔ پولیس تھانہ جہانیاں نے ملزم زوہیب متیلا اس کے ساتھی اسد متیلا کو حراست میں لے کر آلہ قتل پسٹل بھی برآمد کر لیا ہے۔

بقیہ 30

سے 11 ملزمان کو گرفتار کر کے مسروقہ موٹر سائیکل، بڑی مقدار میں منشیات، اسلحہ معہ ایمونیشن اور خنجر برآمد کر لیا گیا، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج کر کے مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں اسلام آباد کیپٹل پولیس کی منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں، مختلف علاقوں سے 11 ملزمان کی گرفتاری عمل میں لائی گئی، گرفتار ملزمان کے قبضے سے 3415 گرام چرس، 1230 گرام ہیروئن، 145 گرام آئس، مسروقہ موٹر سائیکل، آٹھ کین معہ 64 بوتلیں شراب، 03 تیس بور پسٹل معہ ایمونیشن اور خنجر برآمد کر لیا گیا، تھانہ سبزی منڈی پولیس نے منشیات فروشوں کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے دو ملزمان فرید اللہ اور ظریف خان کو گرفتار کر کے انکے قبضے سے 3090 گرام چرس برآمد کر لی، تھانہ سیکرٹریٹ اور شمس کالونی پولیس ٹیم نے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے شراب فروشی کے مکروہ دھندے میں ملوث تین ملزمان ابرار احمد، آصف مختار اور وقار کو گرفتار کر کے انکے قبضے سے 08 کین شراب، 64 شراب کی بوتلیں، 325 گرام چرس، 35 گرام آئس اور ایک آہنی مکہ برآمد کر لیا، تھانہ لوہی بھیر اور سہالہ پولیس ٹیم نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے ملزمان کیخلاف کارروائی کرتے ہوئے دو ملزمان محمد ابراہیم عارف اور لال جان کو گرفتار کر کے انکے قبضے سے دو تیس بور پسٹل برآمد کر لئے، تھانہ آبپارہ پولیس نے دوران سنیپ چیکنگ کارروائی کرتے ہوئے ایک ملزم تصدق حسین کو گرفتار کر کے ایک مسروقہ موٹر سائیکل برآمد کر لیا، تھانہ بھارہ کہو اور نون پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے دو ملزمان ریاض حسین اور محمد اسماعیل کو گرفتار کر کے انکے قبضے سے دو تیس بور پسٹل برآمد کر لئے، تھانہ ترنول اور گولڑہ پولیس ٹیم نے دوران کارروائی دو منشیات فروش فہیم خان اور صابر کو گرفتار کر کے 1230 گرام ہیروئن اور 110 گرام آئس برآمد کر لی، ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی، ڈی آئی جی آپریشنز اسلام آباد سہیل ظفر چٹھہ نے تمام افسران کو مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں مزید تیز کی جائیں اور اس کے سدباب کیلئے جامعہ حکمت عملی اپنائی جائے، کسی بھی عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گا اور جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلا تفریق کارروائیاں جاری رکھی جائیں۔

بقیہ 31

لانے پر باپ شیر محمد سے جھگڑا ہوا جس میں تلخ کلامی پر باپ نے گولی مار کر بیٹے کو زخمی کر دیا جسے ٹانگ میں گولی لگنے پر فوری طبی امداد کے لئے ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ کنڈیاں کے محلہ یخوراں والہ میں نوجوان رمضان کا اپنی بیوی سے جھگڑا ہوا تو اس نے دلبرداشتہ ہو کر زہریلی گولیاں کھالیں جسے تشویشناک حالت میں ہسپتال ریفر کر دیا گیا لیکن وہ جانبر نہ ہو سکا ان دونوں واقعات پر پولیس مصروف تفتیش ہے۔

بقیہ 32

بخوبی سر انجام دئے۔ مشاعرہ و تقریب کی صدارت نامور شاعر شوکت کمال رانا نے کی۔ مہمانان خصوصی میں نامور شاعر و صحافی ہفت روزہ صفی نامہ کے چیف ایڈیٹر صفی الدین صفی چکوال اور معروف کاروباری شخصیت چیئرمین ہیومن رائٹس انٹرنیشنل موومنٹ تلہ گنگ ملک اسد کھوکھر تھے۔ خصوصی آمد محترمہ سدرہ نظامی لیہ، اور معروف ادب شناس اور بزنس مین ارشاد حسین بریال لیہ کی ہوئی۔ مہمان خاص۔ معروف شاعرہ ڈاکٹر صائمہ جبین ٹمن اور معروف شاعر عمران گوندل تھے اس مشاعرہ کا پہلا حصہ عبداللہ نظامی کے فن اور شخصیت پر مشتمل تھا مقررین میں نامور شاعر عرفان خانی نے کہا کہ عبداللہ نظامی ایک عہد ہیں اور مجھے خوشی ہے کہ میں اس عہد میں جی رہا ہوں۔ انہوں نے عبداللہ نظامی کے قلمی سفر کو خراج تحسین پیش کیا اور تلہ گنگ آمد پہ عالمی ادب اکادمی کی جانب سے شاندار الفاظ میں خوشی کا اظہار کیا۔ معروف شاعرہ نمرہ ملک نے کہا کہ عبداللہ نظامی اپنی زبان سے عشق رکھنے والے ادیب ہیں۔ ایک دبنگ صحافی، ایک معصوم ادیب اطفال اور ایک معروف افسانہ نگار ہیں۔ ان کی ادبی کاوشیں لائق صد تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عبداللہ نظامی کا ادب پہ احسان ہے کہ آپ نے ہر صنف ادب میں اس کے تاج کو سر بلند رکھا۔ معروف شاعرہ ڈاکٹر صائمہ جبین نے کہا کہ عبداللہ نظامی بچوں کے بہترین لکھاری کم مبلغ ہیں۔ یہ ایک خوبصورت احساس ہے کہ بچوں کے لیے لکھا جائے جو معصوم اور گناہوں سے پاک ہوتے ہیں۔ آپ کی شاعری میں بھی تقدس اور زمان و مکان کی تخیلیاں ہیں جو اس کے حسن کو بڑھا دیتی ہیں۔ جن شعرائے کرام نے کلام سے نوازا ان میں شوکت کمال رانا، عبداللہ نظامی، عرفان خانی، نمرہ ملک، صائمہ جبیں مہک، صفی الدین، علی رضا نجفی، عمران گوندل، اعجاز احمد گیلانی، شارق عزیز میاں، اقراء ناز، ثناء بتول شامل تھیں۔ حسنین عاکف اپنے بیٹے کی شدید علالت کی بنا پہ مشاعرے میں شرکت نہ کر سکے لیکن وہ ٹیلیفونک رابطے سے شریک رہے۔ سرائیکی کے شعراء نے بھی اپنا کلام پیش کیا تقریب کے اختتام پر بانی عالمی ادب اکادمی ملک عرفان خانی نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا بالخصوص ایم ڈی ہورائزن کالجز چوہدری ہمایوں اسلم کا بہت شکریہ کہ انکی علمی و ادبی مثبت سوچ نے چکوال میں ادب کے فروغ کی جو بے لوث خدمات پیش کی ہیں وہ تاریخ کا حصہ ہے۔ پرنسپل سردار حسن بھی پیش پیش رہے جس پہ وہ مبارکباد کے مستحق ہیں۔ تمام انتظامیہ ہورائزن کالج کا بھی شکریہ۔ بعد ازاں محترمہ نمرہ ملک کی سالگرہ کا کیک کاٹا گیا اور انہیں ایک کامیاب ادبی پروگرام کے انعقاد پہ مبارک باد پیش کی گئی۔ آخر میں مہمانان گرامی کے لیے انتظامیہ ہورائزن کالج کی جانب سے پرتکلف ظہرانے کا اہتمام تھا۔ ہورائزن کالج نہ صرف تعلیمی میدان میں پرنسپل سردار حسن کی کاوشوں سے اپنا نام پیدا کر رہا ہے بلکہ ادب، سماج اور ثقافتی سرگرمیوں میں بھی پیش پیش ہے۔ جس کی کریڈٹ یقینا ایم ڈی ہورائزن کالجز ہمایوں اسلم کو جاتا ہے۔ اسد ملک کی جانب سے مہمانان گرامی کے لیے پرتکلف دعوت کا انتظام بھی کیا گیا جس میں آنے والے معزز مہمانوں کو عالمی ادب اکادمی کی جانب سے نمرہ ملک اور عرفان خانی نے خوبصورت تحائف دیئے۔ یہ ایک یادگار تقریب تھی جو تلہ گنگ میں کسی ادبی تنظیم کی جانب سے ادبی شخصیات کے لیے ایک خوبصورت تحفہ تھی اور جس کا تزکرہ تا دیر علاقے کی زبان پہ جاری رہے گا

بقیہ 33

میں انہوں نے کہا کہ عمران خان کی اپنے دور اقتدار میں اولین کوشش تھی کہ آئندہ پاکستان آئی ایم ایف کا محتاج نہ رہے جس کی خاطر انہوں نے مربوط اقدامات اٹھائے جنہیں موجودہ حکمرانوں نے سبوتاژ کر کے ملک کو آئی ایم ایف کے آگے گروی رکھ دیا ہے اور بین الاقوامی مالیاتی اداروں کے سربراہان کے حکم پر چند دنوں میں تین بار پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں شدید اضافہ کیا گیا ہے جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب افغانستان جیسا کمزور اسلامی ملک عالمی مالیاتی اداروں کے چنگل سے آزادی حاصل کر رہا ہے تو پاکستان کے عوام کو بھی عالمی مالیاتی اداروں کی غلامی کے چنگل سے نکلنے کا پورا حق ہے جس کی خاطر عمران خان بھر پور جدوجہد کر رہے ہیں۔

بقیہ 34

رہائشی ضامن حسین نے ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی عدالت میں دائر کی جانیوالی اپنی رٹ میں موقف اختیار کیا کہ اس کے ایک ٹانگ سے معذور بیٹے جعفر حسین کی شادی دس سال قبل شازیہ بی بی سے ہوئی تھی جس سے چار بچے 7 سالہ محمد حسین، 6 سالہ محمد حسن، 4 سالہ بچی آمنہ اور 3 سالہ زہرا زندہ حیات تھے، اسی دوران بہو شازیہ نے محمد صادق نامی شخص کے ساتھ مبینہ تعلقات استوار کر لئے جو کچھ عرصہ قبل چاروں بچوں سمیت اپنے آشنا محمد صادق کے ہمراہ گھر سے فرار ہوگئی تھی، تاہم برادری طور پر بہو اور بچوں کو واپس کر دیا گیا، واپس گھر آنے پر بہو شازیہ نے معذور شوہر جعفر حسین کو دھمکی دی کہ وہ بچوں کو قتل کر کے دوبارہ آشنا کے ہمراہ فرار ہوجائے گی دھمکی کے باوجود بیٹے جعفر حسین نے مجرمانہ خاموشی اختیار کئے رکھی اس کے کہنے کے باوجود شازیہ بی بی کو طلاق نہ دی، 11 مئی کی شب ملزمہ شازیہ نے عدم موجودگی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے چاروں بچوں کو زہر ملا دودھ سوڈا پلا دیا جس سے چاروں بچوں کی حالت غیر ہوگئی، تاہم اس کو بروقت گھر پہنچنے پر بچوں کو طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا، جہاں 6 سالہ حسن اور 4 سالہ آمنہ جسم میں زہر پھیل جانے کے باعث دم توڑ گئے

بقیہ 35

کیپ اسد فروز، محمد مقبول، سابق صدر آئی کیپ عمران افضل اور دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ جن 13 بڑی صنعتوں پر سپر ٹیکس کا نفاذ کیا جائے گا وہ اپنی گروتھ بھی کم کریں گی جس کے اثرات بیروزگاری کی صورت میں سامنے آئیں گے جبکہ ہماری برآمدات بھی متاثر ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پیٹرولیم لیوی کا نفاذ کرنے سے باز رہے کیونکہ اس سے عوام کا سانس لینا بھی مشکل ہو جائے گا۔ علی لطیف نے کہا کہ ملکی معیشت کو درست سمت پر ڈالنے کیلئے سیاست کا کھیل بند کرنا ہوگا۔ سیلز ٹیکس، انکم ٹیکس، کسٹم ڈیوٹی، ایکسائز ڈیوٹی، ودہولڈنگ ٹیکسز کے قوانین میں ردوبدل کرنے سے ٹیکس نیٹ بڑھایا جاسکتا ہے۔ ٹیکس آمدن میں اضافہ کیے بغیر غیر ملکی قرضوں سے نجات ممکن نہیں، ٹیکس آمدن میں اضافہ کرنے کیلئے ٹیکس ریٹس کم کیے جائیں، موجودہ ٹیکس دہندگان کو آڈٹ سے استثنی ملنا چاہیے۔

بقیہ 36

کہ تنظیم کا بنیادی مقصد اتفاق اتحاد پیدا کرنا ہے۔ اور عوامی مسائل اور غریب کی آواز بننا ہے۔ نوجوان صحافیوں کو آگے آ کر معاشرے کی بہتری کے لئے اقدامات اٹھانے ہونے گے، صحافت ایک مقدس پیشہ ہے، اس کا مقصد عوام کی ترجمانی ہے۔ جبکہ ضلع صدر امتیاز خان نے کہا کہ دنیا کو جدید ٹیکنالوجی نے گلوبل ویلج بنا دیا ہے۔ نوجوان معاشرے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ تکیال کے نوجوان صحافیوں کے پشت پر کھڑے ہیں۔ آپ بے خوف ہو کر کام کریں۔ اجلاس میں، نثار اکبر چوہدری، مرتضی مغل، وسیم شاد، صاحبزادہ اسرار صدیقی، ظہیر احمد، ملک غلام جیلانی، جاوید مغل پرویز انجم، شہزاد جپ، کفیل گوری، نازید ملک، محمد عاقب، طیب سلطانی، علی انظر شاہ، قمر شاہ، ذوالفقار شریف سیکورٹی۔ اور مراتب شاہ سمیت صحافیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی، تمام ممبران کی جانب سے نئے منتخب عہدیداروں کو مبارکباد دی گئی،،، صدر نثار اکبر اور جنرل سیکرٹری صاحبزادہ اسرار احمد صدیقی کی طرف سے تمام دوستوں کا شکریہ ادا کیا گیا۔ آخر میں نو منتخب صدر نثار اکبر چوہدری کی جانب سے صحافیوں کے اعزاز میں پر تکلف دعوت طعام دی گئی..

بقیہ 37

سیشن جج مبشر حسین جسٹس آف پیس کی کورٹ میں پٹیشن برخلاف ایس ایچ او تھانہ گوجرخان چوہدری بلاول کے دائر کروائی تھی جس میں موقف اپنایا تھا کہ انکی ناحق گرفتاری کر کے انکی تذلیل کی گئی ایس ایچ او گوجرخان کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی کی جائے آج معزز عدالت نے وکلاء کے دلائل سننے کے بعد برخلاف ایس ایچ او تھانہ گوجرخان کے مقدمہ درج کرنے کے احکامات جاری کر دیئے مقدمہ کی پیروی سینئر قانون دان راجہ تنویر اختر ایڈووکیٹ، طارق محمود ملک ایڈووکیٹ پریزیڈنٹ انصاف لائرز فورم، حافظ ملک احتشام، نایاب خاور، راجہ سہیل کیانی، راجہ شاہد کیانی، چوہدری اخلاص، شاہد لطیف ہاشمی، حیدر عباس، عامر امتیاز مرزا، مرزا کامران عادل، سید عدنان شاہ، راجہ قاسم، اور انصاف لائرز فورم کے دیگر سینئر وکلاء نے کی انصاف لائرز فورم کے وکلاء نے کہا کہ گوجرخان میں حق سچ کی فتح ہوئی ہے آئندہ بھی کوئی شخص خواہ کتنا ہی بااثر کیوں نہ قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتا جو بھی غیر قانونی کارروائی کرے گا اس کے خلاف انصاف لائرز فورم تحصیل گوجرخان کارروائی کرے گی

بقیہ 38

باوجود کے ٹو اینیمی بجلی گھر میں یورینیم ایندھن کی ری فیولنگ سالانہ مینٹی ننس کا کام پچیس جون تک مکمل نہ ہو سکا۔ اس طرح 26 جون سے گیارہ سو میگاواٹ بجلی جو نیشنل گرڈ کو دوبارہ ملنا شروع ہونا تھی وہ نہ مل سکی اور لوڈشیڈنگ میں 8 جولائی تک مزید گیارہ سو میگاواٹ کا اضافہ ہوگا۔

بقیہ 39

کے مطابق پیپلز پارٹی سر فہرست ہے، جی ڈی اے کا دوسرا، جے یو آئی کا تیسرا، آزاد امیدوار کا چوتھا جبکہ پی ٹی آئی کا پانچواں نمبر ہے۔ ٹاؤن کمیٹی گڈو کی وارڈ نمبر 7 کے مکمل غیر سرکاری غیر حتمی نتیجے کے مطابق آزاد امیدوار محراب علی مزاری 37 ووٹ لے کر کامیاب ہوگئے، جماعت اسلامی کے امیدوار عبیداللہ 18 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے۔ ٹاؤن کمیٹی گڈو کی وارڈ 8 کے مکمل غیر سرکاری غیر حتمی نتیجہ کے مطابق ایس یو پی کے امیدوار 50 ووٹ لے کر کامیاب ہوگئے، پیپلز پارٹی امیدوار زبیر احمد 49 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے۔ ٹاؤن کمیٹی کوٹ ڈیجی کے وارڈ نمبر 8 کے مکمل غیر سرکاری غیر حتمی نتیجہ کے مطابق جی ڈی اے امیدوار میر ڈلل تالپور 954 ووٹ لیکر کامیاب ہوئے، پیپلز پارٹی کے امیدوار سید انوار علی شاہ 348 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے۔ میونسپل کمیٹی خیر پور کی وارڈ نمبر 15 کے مکمل غیر سرکاری غیر حتمی نتیجہ کے مطابق پیپلز پارٹی کے غلام حسین مغل 1304 ووٹ لے کر کامیاب ہوئے، آزاد امیدوار منصور اقبال شیخ 408 لے کر دوسرے نمبر پر رہے۔

بقیہ 40

ہارون آفریدی اور عبدالبصیر آفریدی بھی موجود تھے منشیات ایک زہر قاتل ہے منشیات کا استعمال انسانی زندگی تباہ کر دیتا ہے منشیات کے عادی افراد کا بیسٹ لائف سنٹر میں بہتر طریقے سے علاج معالجہ جاری ہے۔ ہمارے مقصد منشیات سے پاک معاشرہ بنانا ہے اپنے بچوں کا خاص خیال رکھے۔ ان خیالات کا اظہار وادی تیراہ میں بیسٹ لائف سنٹر کے انچارج کپتان خان نے افتتاح کے موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے سنٹر بیسٹ لائف سنٹر باڑہ میں بھی 93 منشیات کے عادی داخل ہے جن کا بہتر طریقے سے علاج معالجے کے ساتھ سکیل سنٹر قائم کیا ہے جہاں پر ان کو منشیات کے علاج کے ساتھ ساتھ فنی مہارت دی جاتی ہے تاکہ وہ علاج کے بعد اپنے روزگار شروع کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ عوام ہمارے ساتھ تعاون کریں ہماری کوشش ہے کہ منشیات عادی نوجوانوں کی بہتر علاج کر سکے اور معاشرے کو منشیات سے پاک بنانا مشن ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیسٹ لائف سنٹر سے سینکڑوں کے تعداد میں منشیات کے عادی مکمل علاج کے بعد فارغ کر چکے ہیں جو کہ آج کل اپنے روزگار کرتے ہیں جو ہمارے لئے خوشی کی بات ہے۔ آخر میں انہوں نے علاقے کے عوام اور والدین کو ایک پیغام دیتے ہوئے کہا کہ منشیات ایک لعنت ہے اور اپنے بچوں کا خاص خیال رکھے

بقیہ 41

عبدالوحید بابی، مدثر فیاض چودھری، طاہر عباسی اور ریب سنٹرز کے چیئرمین وعہدیداران کے ساتھ ساتھ مختلف شعبہ زندگی سے وابستہ شخصیات نے شرکت کی اور اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ آخر میں شرکاء میں سرٹیفکیٹ اور شیلڈ تقسیم کی گئیں۔

بقیہ 42

جج محمد افضل مجوکہ ASJ راولپنڈی نے قتل کے مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے 02 مجرمان محمد فاروق اور بلال کو عمر قید اور 06 لاکھ روپے ہرجانے کی سزائیں سنائیں، مجرمان نے زاہد اصغر کو قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول کے بھائی کی مدعیت میں اکتوبر 2021 تھانہ کہوٹہ میں درج کیا گیا تھا، جبکہ معزز عدالت کے جج خالد محمود چیمہ ASJ ٹیکسلا نے قتل کے مقدمہ کا فیصلہ سناتے ہوئے مجرم زعفران عرف شان شاہ کو عمر قید بامشقت اور 05 لاکھ روپے ہرجانے کی سزا سنا دی، مجرم نے سابقہ رنجش کی بناء پر فائرنگ کر کے عمران محمود کو قتل کر دیا تھا، واقعہ کا مقدمہ مقتول کے بھائی کی مدعیت میں مئی 2020 تھانہ ٹیکسلا میں درج کیا گیا تھا، راولپنڈی پولیس نے مجرمان کو گرفتار کر کے ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جس کے پیش نظر معزز عدالتوں نے مجرمان کو قرار واقعی سزا ئیں سنائیں، ایس ایس پی انوسٹی گیشن غضنفر علی شاہ نے مجرمان کو قرار واقعی سزائیں ملنے پر لیگل و انوسٹی گیشن ٹیموں کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ مجرمان کو قرار واقعی سزائیں ملنا حق اور انصاف کی فتح ہے۔

بقیہ 43

راولپنڈی ڈیدار شاد نے کہا ہے کہ اگر آپ سڑک پر دوسروں کے حقوق کا خیال رکھتے ہیں تو دیگر معاملات زندگی میں بھی اچھے ہوں گے۔

بقیہ 44

سیاست دو قسم کی ہوتی ہے ایک جھوٹ بول کر سیاست کرنا اور دوسرا خدمت کی سیاست کرنا بد قسمتی سے پچھلے دور میں جھوٹ اور فریب کی سیاست کا راج رہا عوام کو ایک کروڑ نوکریاں، پچاس لاکھ مکان، نیا پاکستان نعرے لگا کر سبز باغ دکھائے گئے ریاست مدینہ کا خواب دکھانے والوں نے پورے پاکستان میں کوئی ایک ترقی کا کام نہیں کیا مخلوق خدا کے ساتھ جھوٹ بولنا، اس کے ساتھ دغا، فریب کرنے والے شخص کو دنیا و آخرت میں حساب دینا پڑے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے دولتالہ (متالہ) کے مقام پر نئے اپ گریڈ شدہ سوئی گیس سیفٹی مینجمنٹ سسٹم SMS جس پر ساڑھے چھ کروڑ روپے لاگت آئی کے افتتاح کے بعد ایک بڑے جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ نئے اپ گریڈ شدہ سوئی گیس سیفٹی مینجمنٹ سسٹم سے علاقے میں گیس کی لوڈ شیڈنگ، کم پریشر و دیگر مسائل کا حل ممکن ہو سکے گو جرخان میں عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لئے اٹھائے جانے والے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے اسپیکر نے کہا کہ صحت، تعلیم و دیگر سہولیات کے فقدان کو جلد ختم کر دیا جائے گا گوجرخان میں پنجاب یونیورسٹی کے ڈیلی کیمپس اور وویمن اینڈ چلڈرن ہسپتال کے قیام سے علاقے کی عوام کی پریشانیاں دور ہوں گی راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ اپنے دور وزارت، وزارت عظمٰی میں بلاتفریق اور بلا امتیاز اپنے ملک اور حلقہ کے عوام کی خدمت کی انہوں نے کہا کہ وہ آصف علی زرداری، بلاول بھٹو زرداری، اپنی پارٹی اور پی ڈی ایم میں شامل تمام جماعتوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ جنھوں نے ان پر بھر پور اعتماد کیا اور اسپیکر قومی اسمبلی بنایا انہوں نے کہا کہ یہ عہدہ میرے پاس امانت ہے اور میری پوری کوشش ہوگی کہ اس میں خیانت نہ ہو راجہ پرویز اشرف نے مزید کہا کہ میرا کوئی مخالف نہیں ہے کیوں کہ میں خود کسی کا مخالف نہیں ہوں اقتدار آنی جانی چیز ہے اس لیے کوشش کرنی چاہیے کہ اپنے آنے والی نسلوں کے لیے آسانیاں پیدا کریں انہوں نے کہا کہ میں ہر وقت اللہ پاک کی بارگاہ میں دعا کرتا رہتا ہوں کہ مجھے توفیق عطا فرما کہ میں اپنے عوام کی خدمت کر سکوں۔

بقیہ 45

سازی کو بدنیتی نہیں کہا جاسکتا، عدالت پارلیمنٹ کو قانون سازی کیلئے ہدایات نہیں دے سکتی، امید ہے الیکشن کمیشن اورسیز پاکستانیوں کے ووٹ کے لیے اقدامات کرے گا۔ پیر کو اسلام آباد ہائیکورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ نے تارکین وطن کو ووٹنگ کے طریقہ کار پر آئینی ترمیم کے خلاف درخواست پر سماعت کی۔ سماعت کے دوران درخواست گزار وکیل نے کہا کہ اورسیز پاکستانیوں کے ووٹ کا حق تسلیم کیا جاتا ہے لیکن دیا نہیں جاتا، قیامت تک اورسیز پاکستانیوں کو ووٹ کا حق نہیں دیا جائے گا، پارلیمنٹ نے بدنیتی سے اورسیز پاکستانیوں کے ووٹ کا معاملہ دوبارہ صفر پر پہنچا دیا، چیف جسٹس نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمنٹ کی قانون سازی کو بدنیتی نہیں کہا جاسکتا، وکلاء کے دلائل سننے کے بعد عدالت نے درخواست ناقابل سماعت قرار دے کر مسترد کرتے ہوئے کہا کہ امید ہے کہ الیکشن کمیشن اپنی آئینی ذمہ داری پوری کرے گا، چیف جسٹس نے کہا کہ یہ بہت پیچیدہ معاملہ ہے ووٹ کی سیکیورٹی اور سیکریسی بہت ضروری ہے۔

بقیہ 46

کو مبارکباد پیش کی ہے۔ بلاول بھٹو نے کہا کہ سندھ کے 14 اضلاع میں جیالے امیدواروں کی واضح کامیابی عوام کا تیر پر اعتماد ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے عوام نے جیالے امیدواروں کو ووٹ دے کر در اصل اپنی ترقی اور خوش حالی کے تسلسل پر مہر لگائی ہے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات میں ہونے والی غیر معمولی کامیابی اگلے عام انتخابات میں پی پی پی کی کامیابی کا نوشتہ دیوار ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ میں پہلے مرحلے کے بلدیاتی انتخابات میں کامیابی ابتدائی قدم ہے، پی پی پی ملک بھر میں کامیابی کے جھنڈے گاڑے گی۔

بقیہ 47

کیے ہیں تو ان میں بوسٹر ڈوز کا کیوں نہیں ذکر کیا گیا کیونکہ ہسپتال انتظامیہ بوسٹر ڈوز پر بضد ہے دو ڈوز لگوانے والوں کو بھی ٹرخایا جانے لگا جب کہ نوٹیفکیشن میں یہ لکھا ہے کہ ،، نو ویکسینیشن نو سروس،، جس کا مطلب کہ اگر ویکسین نہیں لگی تو کوئی سروس فراہم نہیں جائے گی اس میں بوسٹر ڈوز کا تو ذکر ہی نہیں اس آرڈر کو ہسپتال انتظامیہ نے بوسٹر ڈوز میں کنورٹ کر کے لوگوں کے علاج معالجے سے انکاری ہوگی ہے کمشنر راولپنڈی، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی اور اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان اس چیز کا نوٹس لیں یا تو ہسپتال میں ویکسینیشن کے لیے اضافی عملہ تعینات کریں جو لوگوں کو فوری طور پر ساتھ ویکسینیشن کریں اور علاج کی سہولت فراہم کریں تا کہ لوگ ڈیل خوار نہ ہوں آنے والے مریضوں کو اس طرح یکدم سے سہولیات سے محروم کرنا مریضوں کے ساتھ سراسر زیادتی جن لوگوں نے دو ویکسینیں لگوائی ہیں انکی علاج معالجے کی سہولیات کو یقینی بنایا جائے اور ساتھ میں بوسٹر ڈوز بھی لگوا دی جائے

بقیہ 48

حکومت نے ساڑھے تین برس ضائع کیے جس سے پراجیکٹ کی لاگت میں 3 ارب روپے کا اضافہ ہوا۔ سابق حکمرانوں نے مجرمانہ غفلت کا مظاہرہ کر کے قومی وسائل سے کھلواڑ کیا۔ نااہلی کے باعث نہ صرف منصوبے کی لاگت میں اضافہ ہوا بلکہ قومی وسائل کو نقصان پہنچا۔ منصوبے کی تاخیر کا کوئی جواز نہیں بنتا تھا، عوامی اہمیت کے اس منصوبے پر دن رات کام کرنا ہوگا۔ حمزہ شہباز نے کہا کہ لیبز کے لئے ضروری مشینری اور آلات کی خریداری کے کام میں مزید تاخیر نہیں ہونی چاہیے۔ ہیومن ریسورس کی بھرتی کا عمل بھی جلد شروع کیا جائے۔ وزیر اعلی پنجاب نے بھرتی کے لئے سٹیئرنگ کمیٹی تشکیل دینے اور عمارت کے اطراف درخت اور پودے لگانے کی بھی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کو اکتوبر تک فعال کرنے کے لئے پوری کوشش کی جائے۔ ہر 15 روز بعد میں خود پراجیکٹ پر ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لوں گا۔

بقیہ 49

میں توسیع ملنے کا امکان ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان کو سعودی عرب سے اب 1 اعشاریہ 2 ارب ڈالر کے بجائے 3 اعشاریہ 6 ارب ڈالر کی سہولت ملنے کا امکان ہے جب کہ اس حوالے سے دونوں ممالک کے درمیان مذاکرات جاری ہیں۔ سعودی عرب نے گزشتہ سال پاکستان کو 4 اعشاریہ 2 ارب ڈالر کا پیکج دیا تھا جس میں 1 اعشاریہ 2 ارب ڈالر کی موخر ادائیگی پر تیل کی سہولت بھی شامل تھی۔

بقیہ 50

مستجاب حیدر نے ڈینگی کے مناسبت سے خصوصی لیکچر دیئے ان کا کہنا تھا کہ گزشتہ سال سب سے زیادہ کیسز ڈنڈوت میں رپورٹ ہوئے، رہائشی اپنے گھروں کی چھتوں، روم کولرز کی صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ ایم ایس ڈی ایچ کیو چکوال ڈاکٹر مختار سرور خان کا کہنا تھا کہ ڈینگی کی روک تھام کیلئے پنجاب حکومت مکمل متحرک ہے ڈینگی کو کنٹرول کرنے کیلئے شہریوں کو بھی کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 51

سیکرٹری (سیٹلمنٹ اینڈ کوآرڈینیشن) بورڈ آف ریونیو تعینات کر دیا گیا ل۔ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ نے باضابطہ طور پر نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

بقیہ 52

ممالک کے درمیان ہونے والی دو طرفہ تجارت 3 برس کے دوران 5 ارب ڈالر ہو جائے گی جو کہ 2021 میں تقریبا ایک ارب ڈالر تھی۔ سینئر سرکاری حکام نے بتایا کہ متعلقہ وزارتیں اور محکمے آئندہ ماہ کے شروع میں ترک وزیر تجارت کے بڑے تجارتی وفد کے ہمراہ دورہ اسلام آباد کو حتمی شکل دے رہے ہیں۔ ایک عہدیدار نے کہا کہ ترک وزیر تجارت اپنے دورے کے دوران ٹی جی اے معاہدے پر دستخط کر سکتے ہیں جسے ابھی حتمی شکل دی جا رہی ہے۔ دونوں ممالک کی حکومتوں نے رواں ماہ کے شروع میں وزیر اعظم شہباز شریف کے دورہ ترکی کے دوران دو طرفہ تجارت کو موجودہ ایک ارب 10 کروڑ ڈالر سے بڑھا کر تین سال کے دوران 5 ارب ڈالر تک لے جانے پر اتفاق کیا تھا۔ وزیر اعظم کا دفتر (پی ایم او) اور وزارت تجارت فی الحال 5 ارب ڈالر کے تجارتی ہدف کو حاصل کرنے کے لیے متعلقہ سیاست دانوں، حکام اور معروف تاجروں پر مشتمل مشترکہ ٹاسک فورس بنانے میں مصروف ہیں۔

بقیہ 53

جولائی کو جلسے کی اجازت مانگی۔ درخواست میں جلسہ گاہ میں انتظامات کی درخواست بھی کی گئی ہے، سابق وزیر اعظم عمران خان اور دیگر رہنما جلسے سے خطاب کریں گے۔ درخواست میں کہا گیا کہ تحریک انصاف کو جلسے کیلئے انتظامیہ سیکورٹی فراہم کرے

بقیہ 54

سے خود کو بچائیں اس مہم کے دوران موٹر سائیکل سواروں میں مفت ہیلمٹ بھی تقسیم کیے گئے۔

بقیہ 55

اور دوست ممالک سے توازن ادائیگی کے لیے وصول کردہ ڈپازٹس کی واپسی کی مدت میں بھی رعایت مل جائے تو یہ ایک اچھا منظر نامہ ہوگا، مگر سوال یہ ہے کہ اس کے بعد کیا ہوگا؟ چند سال کے بعد قرضوں کی ادائیگی کی ڈیڈ لائن پھر آ جائے گی، پھر آئی ایم ایف سے قرض بھی ملنے والا نہ ہو اور دوست ممالک کے ڈپازٹس بھی لوٹانے ہوں اور جب تیل اور بجلی کے نرخوں اور ٹیکسوں میں اضافے کی گنجائش بھی باقی نہ ہو؟ کیا اس صورتحال کے لیے ہمارے پاس کوئی پلان بی، یا کوئی پلان اے ہی ہے؟

بلاول بھٹو نے کراچی کے شہریوں کیلئے پیپلز بس سروس کا افتتاح کر دیا

امپورٹڈ ایئر کنڈیشن بس میں کیمرے نصب ہیں، اس میں وائی فائی کی سہولت بھی موجود ہے

ایک بس میں بیک وقت 90 افراد سفر کر سکتے ہیں، شرجیل میمن

کراچی (این این آئی) کراچی کے شہریوں کے لیے مختلف روٹس پر پیپلز انٹرا ڈسٹرکٹ بس سروس منصوبے کا آغاز کر دیا گیا ہے، منصوبے کا افتتاح پیر کو پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کیا۔ وزیر اعلی سندھ سید مراد علی شاہ، وزیر اطلاعات وٹرانسپورٹ شرجیل انعام میمن، وزیر محنت سعید غنی، ایڈمنسٹریٹر کراچی نے ان کی کابینہ کے ارکان نے افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر بلاول بھٹو نے بسوں میں سوار ہو کران کا معائنہ بھی کیا۔ بس کی تفصیلات سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر اطلاعات و ٹرانسپورٹ شرجیل میمن نے کہا کہ اس امپورٹڈ ایئر کنڈیشن بس میں کیمرے نصب ہیں، اس میں وائی فائی کی سہولت بھی موجود ہے،

آئی ایم ایف کے غلام مسلسل عوام کا صبر آزمار ہے ہیں، خرم شیر زمان

لٹیرے حکمران بجلی کی قیمتوں سے عوام کے خون کا آخری قطرہ بھی چوس لیں گے

کراچی (این این آئی) پی ٹی آئی کے سندھ اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر خرم شیر زمان نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف کے غلام مسلسل عوام کا صبر آزمار ہے ہیں۔ بجلی کی قیمتوں میں اضافے پر ردعمل دیتے ہوئے خرم شیر زمان نے کہا کہ حکومت کا بجلی کی قیمتوں میں اضافے کو مسترد کرتے ہیں، بجلی کی قیمت ایک بار پھر بڑھانے کا فیصلہ شرمناک ہے۔

وزیر اطلاعات وٹرانسپورٹ شرجیل میمن بس سروس کے افتتاح کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

کووڈ ویکسین نے عالمی سطح پر تقریبا دو کروڑ لوگوں کی زندگیاں بچائیں، تحقیق

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) محققین کا کہنا ہے کہ کووڈ 19- کی ویکسین نے عالمی سطح پر تقریبا دو کروڑ لوگوں کی زندگیاں بچائی ہیں۔ برطانیہ کے امپیریل کالج لندن میں ہونے والی یہ نئی تحقیق 185 ممالک کے ویکسینیشن کی شرح، کورونا وائرس سے ہونے والی اموات اور اضافی اموات کے ڈیٹا کے تجزیے پر مبنی تھی۔ تحقیق کے رہنما اولیور واٹسن کا کہنا تھا کہ اگر ویکسین دستیاب نہیں ہوتیں تو اموات کی (بقیہ نمبر 27

ذوالفقار مرزا کے 6 ساتھیوں کو عدم شواہد کی بنا پر بری کر دیا گیا

کراچی (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے ذوالفقار مرزا کے 6 ساتھیوں کو عدم شواہد کی بنا پر بری کر دیا ہے۔ پیر کو کراچی کی انسداد دہشت گردی کی عدالت نے سابق صوبائی وزیر داخلہ ذوالفقار مرزا کے چھ ساتھیوں کے خلاف 2 کیسز کا فیصلہ سنادیا۔

ٹیکس اور ڈالر کے ریٹ بڑھنے سے خام مال میں کمی ادویات کی قلت کی وجہ بنی

اسلام آباد (بیورو چیف) پاکستان فارما سیوٹیکل مینوفیکچررز ایسوسی ایشن نے سیلز ٹیکس اور ڈالر کے ریٹ کو ادویات کی قلت میں اضافے کی وجہ قرار دیا ہے۔ پاکستان فارما سیوٹیکل مینوفیکچرز ایسوسی ایشن کے صدر قاضی منصور دلاور نے کہا ہے کہ 17 فیصد سیلز ٹیکس اور ڈالر کے ریٹ میں اضافے سے ادویات کے خام مال کی کمی سے مزید 40 ادویات کی قلت پیدا ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ فارما انڈسٹری پر 17 فیصد سیلز ٹیکس سے پیداواری لاگت میں اضافہ ہوگیا ہے، ڈالر کا ریٹ 210 روپے ہونے سے خام مال کی امپورٹ بھی رک گئی ہے۔

سرگودھا' پسند کی شادی کی رنجش میں باپ نے گولی مار کر بیٹے کو زخمی کر دیا

بیوی سے جھگڑا پر دلبرداشتہ نوجوان نے زہریلی گولیاں کھا کر موت کو گلے لگا لیا

سرگودھا (ظہور احمد بخاری) پسند کی شادی کی رنجش میں باپ نے گولی مار کر بیٹے کو زخمی کر دیا جبکہ بیوی سے جھگڑا پر دلبرداشتہ نوجوان نے زہریلی گولیاں کھا کر موت کو گلے لگا لیا پولیس دونوں واقعات پر مصروف تفتیش ہے۔ سرگودھا ریجن کے علاقہ دھبا چوک کندیاں کا نوجوان ثاقب کچھ گجرات کے علاقہ سے دوشیزہ کو بھگا لایا اور لو میرج کر لی اور گھر (بقیہ نمبر 31

معروف شاعر عبداللہ نظامی لیہ کے اعزاز میں مشاعرہ

نظامت کے فرائض ادیبہ، صحافی محترمہ نمرہ ملک نے بخوبی سرانجام دئے

چکوال (راجہ افتخار سے) عالمی ادب اکادمی وہورائزن کالج کیمپس تلہ گنگ کے زیر اہتمام معروف شاعر، ادیب، افسانہ نگار، صحافی عبداللہ نظامی لیہ کے اعزاز میں مشاعرہ منعقد ہوا۔ تفصیلات کے مطابق تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ تلاوت کلام پاک کی سعادت حافظ حسام الرحمن جامعہ بیت الاسلام نے حاصل کی اور اپنی خوش الحانی سے سماں باندھ دیا۔ نعت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی سعادت اعجاز احمد گیلانی نے حاصل کی۔ نظامت کے فرائض معروف شاعرہ، ادیبہ، صحافی محترمہ نمرہ ملک نے (بقیہ نمبر 32

عالمی یوم تدارک منشیات کے موقع پر اسلام آباد ریہب سنٹرز ایسوسی ایشن اور اسلام آباد چیمبر آف اسمال ٹریڈرز کے زیر اہتمام ہیلتھ واک اور سیمینار کا انعقاد بلیو ایریا اسلام آباد میں کیا گیا

زبانوں کے تحفظ کیلئے عالمی سطح پر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے

حکومت علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کو لنگوئسٹک مینجمنٹ سسٹم کے لئے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی

حکومت ملک میں بولی جانیوالی زبانوں کے تنوع کیلئے کوشاں ہے' مریم اورنگزیب وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ زبانوں کے تحفظ کیلئے عالمی سطح پر اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے، حکومت علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کو لنگوئسٹک مینجمنٹ سسٹم کے لئے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مریم اورنگزیب نے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں "لینگوئج ڈاکومنٹیشن" کے موضوع پر انٹرنیشنل (بقیہ نمبر 28

ملک کی معاشی بہتری تحریک انصاف یقینی بنا سکتی ہے' نوید شریف

حالیہ مہنگائی کا طوفان عالمی اداروں کی محتاجی اور استعمار کی غلامی کا شاخسانہ ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سنئیر مرکزی رہنما نوید شریف نے کہا ہے کہ ملک کی معاشی بہتری تحریک انصاف یقینی بنا سکتی ہے، امپورٹڈ حکومت ناکام ہو چکی عمران خان ہی ملک کو مسائل ومشکلات کے چنگل سے چھٹکارا دلائیں گے، حالیہ مہنگائی کا طوفان عالمی اداروں کی محتاجی اور استعمار کی غلامی کا شاخسانہ ہے۔ اپنے جاری بیان (بقیہ نمبر 33

جہانیاں میں معروف زمیندار کے اندھے قتل کا معمہ حل، حقیقی بھتیجا ہی قاتل نکلا

جہانیاں (نامہ نگار) جہانیاں میں معروف زمیندار کے اندھے قتل کا معمہ حل، حقیقی بھتیجا ہی قاتل نکلا، جائیداد کے لالچ میں ساتھی کے ساتھ مل کر حقیقی چچا کو قتل کر دیا اور آنکھوں میں دھول جھونکنے کیلئے مقدمہ کا مدعی بن گیا تفتیش میں پول کھل گیا، پولیس نے ملزم کو حراست میں لے کر آلہ قتل برآمد کر لیا۔ تفصیل کے مطابق صوبہ پنجاب کے شہر جہانیاں کے مضافاتی گاؤں چک 109 دس آر کے (بقیہ نمبر 29

بیوی نے آشنا سے ملکر مبینہ طور پر بچوں کو زہر ملا دودھ سوڈا پلا دیا

6 سالہ حسن اور 4 سالہ آمنہ جسم میں زہر پھیل جانے کے باعث دم توڑ گئے

رحیم یار خان (این این آئی) معذور شوہر سے طلاق لینے کی خاطر بیوی نے آشنا سے مل کر مبینہ طور پر بچوں کو زہر ملا دودھ سوڈا پلا کر موت کے گھاٹ اتار دیا، دو بچوں کو ڈاکٹروں نے زندہ بچا لیا، شوہر نے مجرمانہ خاموشی اختیار کیئے رکھی، ایڈیشنل سیشن جج نے دادا کی جانب سے دائر کی جانیوالی رٹ پر بیوی، آشنا اور مبینہ طور پر مجرمانہ طور پر خاموشی اختیار کرنے والے شوہر کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کرنے کے احکامات جاری کر دیئے، ایک ماہ بعد قتل کا مقدمہ درج، تاحال کوئی گرفتار عمل میں نہ آسکی، تفصیل کے مطابق محلہ کھوکھراں کے (بقیہ نمبر 34

نادرا نے وزارت صحت کیساتھ صحت سہولت پروگرام پر معاہدہ کرلیا

اسلام آباد (این این آئی) نادرا نے وزارت صحت کے ساتھ صحت سہولت پروگرام پر معاہدہ کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق نادرا نے قومی صحت کارڈ، صحت سہولت پروگرام کے حوالے سے وزارت نیشنل ہیلتھ سروسز ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینیشن اور پنجاب ہیلتھ انیشیٹو مینجمنٹ کمپنی کے ساتھ ایک معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔

معیشت کو ہماری حکومتیں نہیں بلکہ آئی ایم ایف چلاتا ہے

10 فیصد سپر ٹیکس کے اثرات عام عوام پر منتقل ہوں گے' چیئرمین سید حسن علی قادری

لاہور (این این آئی) پروفیشنل ریسرچ فورم کے چیئرمین وممبر فسکل لاء کمیٹی آئی کیپ سید حسن علی قادری نے کہا ہے کہ جس طرح کے فیصلے اور پالیسیاں سامنے آرہی ہیں اس سے یہ گمان یقین میں بدل جاتا ہے کہ پاکستان کی معیشت کو ہماری حکومتیں نہیں بلکہ آئی ایم ایف چلاتا ہے جس کے نتائج بھی سب کے سامنے ہیں، 10 فیصد سپر ٹیکس سے بڑی صنعتیں مشکلات کا شکار ہوں گی اور اگر اس کا نفاذ ہوتا ہے تو اس کے اثرات عام عوام پر منتقل ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیئرمین فسکل لاء کمیٹی آئی کیپ علی لطیف، کونسل ممبر آئی (بقیہ نمبر 35

سابق ڈی جی آئی ایس آئی کی پی ٹی آئی میں شمولیت کی رپورٹس غلط ہیں، فواد چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) سینئر سلیم صافی نے سابق ڈی جی آئی ایس آئی کی ایک تصویر اپنے اکاؤنٹ پر پوسٹ کی جس میں انہیں پاکستان تحریک انصاف کے پرچم میں لپٹے پوڈیم پر کھڑے ہو کر ایک سیاسی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ متعدد افراد نے سمجھا کہ سابق جنرل نے سیاست میں شمولیت اختیار کر کے پی ٹی آئی کی حمایت کا اعلان کیا ہے تاہم پارٹی کے سیکرٹری اطلاعات فواد چوہدری نے اس تاثر کو مسترد کر دیا۔

نکیال میں کشمیر الیکٹرانک میڈیا ایسوسی کی تنظیم سازی مکمل

نثار اکبر صدر، صاحبزادہ اسرار صدیقی جنرل سیکرٹری منتخب

سید امداد شاہ سرپرست اعلی، محمد وسیم شاد نائب صدر، کفیل گورسی سینئر نائب صدر

نازید ملک ڈپٹی جنرل سیکرٹری، ظہیر احمد چوہدری سیکرٹری مالیات پرویز انجم سیکرٹری نشر واشاعت

نکیال (نمائندہ خصوصی) نکیال میں الیکٹرانک اور ڈیجیٹل میڈیا کی تنظیم سازی کا عمل مکمل ہو گیا .. نثار اکبر چوہدری صدر جبکہ صاحبزادہ اسرار صدیقی جنرل سیکرٹری منتخب ہو گے، سئیر صحافی اور بابائے صحافت سید امداد حسین شاہ کو سرپرست اعلی بنایا گیا۔ ان کے علاوہ محمد وسیم شاد نائب صدر، کفیل گورسی سینئر نائب صدر، نازید احمد ملک ڈپٹی جنرل سیکرٹری، ظہیر احمد چوہدری سیکرٹری مالیات اور پرویز انجم سیکرٹری نشر واشاعت منتخب ہو گے،، محمد مرتضی مغل کو قانونی کمیٹی کا چیرمین بنایا گیا تنظیم سازی کے عمل میں کشمیر الیکٹرانک میڈیا ایسوسی ایشن کوٹلی کے صدر امتیاز خان، جنرل سیکرٹری امتیاز بٹ، سینئر نائب صدر ندیم چوہدری، سیکرٹری نشر اشاعت سردار احتشام الحق اور فاروق گوہر نے شرکت کی۔ ان کے علاوہ سینئر صحافی علی انصر شاہ جے کے نیوز، سید قمر ابرار، سید مراتب شاہ نے بھی شرکت کی۔ امیاز بٹ کا کہنا تھا (بقیہ نمبر 36

اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری اور جرائم کے انسداد کیلئے کریک ڈاؤن جاری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری اور جرائم کے انسداد کیلئے بڑے پیمانے پر کریک ڈاؤن جاری ہے، مختلف علاقوں (بقیہ نمبر 30

کراچی، برطانوی ہائی کمشنر کراچی میں نئے برطانوی ویزہ سینٹر کا افتتاح کر رہے ہیں

سعودی نائب وزیر دفاع کا جنرل باجوہ سے ملاقات پر اظہار مسرت

مجھے پاکستانی فوج کے کمانڈر جنرل قمر جاوید باجوہ سے ملاقات کر کے خوشی ہوئی، اردو میں ٹوئٹ

جدہ (این این آئی) سعودی عرب کے نائب وزیر دفاع شہزادہ خالد بن سلمان نے جدہ میں پاکستان کے آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ سے ملاقات کے حوالے سے اپنے ٹوئٹر اکاؤنٹ پر اردو میں ٹویٹ کیا ہے۔ میڈیا پورٹس کے مطابق شہزادہ خالد بن سلمان نے ٹوئٹ کیا کہ مجھے پاکستانی فوج کے کمانڈر جنرل قمر جاوید باجوہ سے ملاقات کر کے خوشی ہوئی،

ایم پی اے چوہدری جاوید کوثر کی گرفتاری کیخلاف دائر پٹیشن کا فیصلہ

معزز عدالت نے ایس ایچ او تھانہ گوجر خان کے خلاف مقدمہ درج کرنے کا آرڈر دے دیا

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق ایم پی اے حلقہ پی پی 9 پی ٹی آئی چوہدری جاوید کوثر نے اپنی ناحق گرفتاری کے خلاف ایڈیشنل اینڈ (بقیہ نمبر 37

سندھ بلدیاتی الیکشن کا پہلا مرحلہ، پیپلز پارٹی سر فہرست، 946 امیدوار بلا مقابلہ منتخب

کراچی (بیورو چیف) سندھ میں مار دھاڑ سے بھرپور بلدیاتی الیکشن کا پہلا مرحلہ، پولنگ کا وقت ختم ہو گیا، پولنگ سٹیشنز کے اندر موجود ووٹرز کو حق رائے دہی استعمال کرنے کی اجازت دی گئی، نتائج آنے کا سلسلہ جاری ہے جبکہ 946 امیدوار بلا مقابلہ منتخب ہو گئے۔ 6 ہزار 277 سیٹوں میں سے 2 ہزار سے زائد کے نتائج موصول ہو گئے ہیں، جس (بقیہ نمبر 39

کے ٹو مقررہ ڈیڈ لائن پر 11 سو میگاواٹ بجلی قومی گرڈ کو نہیں دے سکا

اسلام آباد (بیورو چیف) قوم کو جو 1100 میگاواٹ بجلی کراچی نیوکلیئر پاور پلانٹ ٹو (K-2) سے ملنے کا سلسلہ بحال ہونا تھا وہ 8 جولائی تک موخر ہو گیا ہے۔ کے ٹو نیوکلیئر پاور پلانٹ جو پیراڈائز پوائنٹ کراچی میں ایک سال سے گیارہ سو میگاواٹ بجلی نیشنل گرڈ میں فراہم کرتا چلا آرہا تھا اسے سالانہ مرمت مینٹی ننس ری فیولنگ کیلئے بند کیا گیا پاکستان اٹیمی توانائی کمیشن کی بھرپور کوشش کے (بقیہ نمبر 38

عمران خان نہ کھیلونہ کھیلنے دو کی پالیسی پر گامزن ہے' سلیم رضا

کروڑ نوکریوں کا جھانسہ دیکر نوجوانوں سے ہمدردیاں سمیٹنے والے اب عوام کے دلوں سے اتر چکے ہیں

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) اسیر رہائی کمیٹی برائے اظہار یکجہتی قائد کے سیکرٹری اطلاعات، ممبر پی ڈی ایم رابطہ کمیٹی لاہور محمد سلیم رضا نے کہا ہے کہ عمران خان نہ کھیلونہ کھیلنے دو کی پالیسی پر گامزن ہے، کروڑ نوکریوں کا جھانسہ دیکر نوجوانوں سے ہمدردیاں سمیٹنے والے اب عوام کے دلوں سے اتر چکے ہیں، پاکستان کی غیور عوام نے تحریک انصاف کو مسترد کر کے غرور، تکبر اور انتشار کی سیاست کو مسترد کیا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا سازشی بیانیہ ہر طرف سے پٹ رہا ہے، جھوٹ در جھوٹ بولنے والے کے اپنے ساتھی اس سے نالاں ہیں،

نوجوانوں کو منشیات کی لعنت سے بچانا چاہتے ہیں

ہمارے مقصد منشیات سے پاک معاشرہ بنانا ہے، حاجی معروف آفریدی

ضلع خیبر (اکبر افریدی) وادی تیراہ میں پہلی بار منشیات کے عادی افراد کے علاج معالجے کے لئے ری ہیب سنٹر کا حاجی معروف آفریدی نے باقاعدہ افتتاح کیا افتتاح کے موقع پر حاجی معروف آفریدی نے کہا کہ ہمیں فخر ہے کہ معاشرے میں ایسے لوگ بھی ہیں جو نوجوانوں کو منشیات کے لعنت سے بچانا چاہتے ہیں جبکہ دوسری جانب وہ بدقسمت لوگ بھی ہیں جو منشیات کے کاروبار سے منسلک ہیں۔ انہوں نے عوام کو منشیات جیسے لعنت سے بچانے کا پیغام دیتے ہوئے منشیات سے پاک اور خوشحال معاشرے کے قیام کا اعادہ کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ وادی تیراہ تاجر یونین صدر حاجی شیر محمد، ایس ایچ او تیراہ شیر ولی، اصغر خان، (بقیہ نمبر 40

منشیات کا عالمی دن، ہیلتھ اور سیمینار کا انعقاد

تقریب کے آخر میں شرکاء میں سرٹیفکیٹ اور شیلڈ تقسیم کی گئیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) عالمی یوم تدارک منشیات کے موقع پر اسلام آباد ریہب سنٹرز ایسوسی ایشن اور اسلام آباد چیمبر آف اسمال ٹریڈرز کے زیر اہتمام ہیلتھ واک اور سیمینار کا انعقاد بلیو ایریا اسلام آباد میں کیا گیا۔ اس موقع پر صدر اسلام آباد ریہب سنٹرز ایسوسی ایشن طاہر نواز قائم مقام صدر اسلام آباد چیمبر آف اسمال ٹریڈرز سردار احسان عباسی، وائس پریزیڈنٹ اسلام آباد ریہب سنٹرز ایسوسی ایشن ملک سجاد انور، ڈاکٹر افتخار، فرمان طوری، محمد شفیق، سئیر رہنما عامر شیخ، چیر مین ہیلتھ کمیٹی اسلام آباد چیمبر آف اسمال ٹریڈرز (بقیہ نمبر 41

راولپنڈی ٹریفک پولیس کے ایجوکیشن ونگ کا روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی کا سلسلہ جاری

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی کے احکامات پر راولپنڈی ٹریفک پولیس کے ایجوکیشن ونگ کا روڈ سیفٹی اور ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی کا سلسلہ جاری ہے، چیف ٹریفک آفیسر (بقیہ نمبر 43

راولپنڈی، جرم ثابت ہونے پر مجرمان کو عمر قید اور 11 لاکھ روپے ہرجانے کی سزائیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی موثر پولیسنگ کے باعث معزز عدالتوں نے قتل کے مقدمات میں مجرمان کو سزائیں سنا دیں، مجرمان کو عمر قید اور 11 لاکھ روپے ہرجانے کی سزائیں سنائیں گئیں۔ تفصیلات کے مطابق معزز عدالت کے (بقیہ نمبر 42

ایل پی جی 10 روپے اضافے سے 210 روپے فی کلو ہوگئی

گھریلو سلنڈر 2475 روپے اور کمرشل سلنڈر 9532 روپے کا ہوگیا

لاہور (بیورو چیف) ایل پی جی کی قیمت 10 روپے فی کلو اضافے کے بعد 200 روپے سے بڑھ کر 210 روپے کی فی کلو ہوگئی۔ گھریلو سلنڈر 120 روپے کے اضافے کے ساتھ 2475 روپے اور کمرشل سلنڈر 455 روپے اضافے کے ساتھ 9532 میں فروخت ہوگا۔ جبکہ گلگت بلتستان میں ایل پی جی کی قیمت 260 روپے فی کلو تک پہنچ گئی۔

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

ہم نے ہمیشہ خدمت کی سیاست کی ہے کبھی جھوٹا وعدہ نہیں کیا

ہمیشہ اخلاق کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنے سیاسی مخالفین کے ساتھ برتاؤ کیا کبھی اخلاقیات کا دامن نہیں چھوڑا

جس کا نتیجہ یہ ہے کہ میرا کوئی مخالف نہیں' سپیکر قانون ساز اسمبلی راجہ پرویز اشرف کا دولتالہ کے مقام پر جلسہ سے خطاب

گوجر خان (قمر شہزاد سے) اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا ہے کہ ہم نے ہمیشہ خدمت کی سیاست کی ہے کبھی جھوٹا وعدہ نہیں کیا، ہمیشہ اخلاق کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنے سیاسی مخالفین کے ساتھ برتاؤ کیا کبھی اخلاقیات کا دامن نہیں چھوڑا جس کا نتیجہ یہ ہے کہ میرا کوئی مخالف نہیں کیونکہ میں بھی کسی کا مخالف نہیں ہوں اپنے علاقے کی ترقی کے لئے سب کو اکٹھا ہو کر کوشش کرنی چاہیے (بقیہ نمبر 44

پارلیمنٹ کی قانون سازی کو بدنیتی نہیں کہا جا سکتا

عدالت پارلیمنٹ کو قانون سازی کیلئے ہدایات نہیں دے سکتی، چیف جسٹس اطہر من اللہ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے اوورسیز پاکستانیز کے لیے ووٹنگ کے طریقہ کار پر آئینی ترمیم کے خلاف درخواست ناقابل سماعت قرار دیکر خارج کر دی جبکہ چیف جسٹس اطہر من اللہ نے ریمارکس دیئے ہیں کہ پارلیمنٹ کی قانون (بقیہ نمبر 45

پنجاب حکومت نے 2 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے دو افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سیکرٹری (سیٹلمنٹ اینڈ کوآرڈینیشن) بورڈ آف ریونیو واحد ارجمند ضیا کو تبدیل کر کے اپنے پے سکیل میں ڈائریکٹر ایڈمنسٹریشن اوقاف اور تقرری کے منتظر رافد احمد ملہی کو (بقیہ نمبر 51

ہم ملک بھر میں کامیابی کا جھنڈا گاڑیں گے، بلاول

غیر معمولی کامیابی اگلے عام انتخابات میں پی پی پی کی کامیابی کا نوشتہ دیوار ہے، وزیر خارجہ

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ہم ملک بھر میں کامیابی کا جھنڈا گاڑیں گے۔ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے سندھ میں بلدیاتی انتخابات کے پہلے مرحلے میں منتخب ہونے والے تمام جیالے امیدواروں (بقیہ نمبر 46

لاہور، انارکلی بازار سے شہری خریداری کر رہے ہیں

ترکی، پاکستان کے ساتھ تجارت بڑھانے کا خواہش مند

اسلام آباد (بیورو چیف) پاکستان اور ترکی کے درمیان آئندہ ماہ تجارتی معاہدہ (ٹی جی اے) مکمل ہونے جا رہا ہے اسی دوران انقرہ، پاکستان کے موجودہ 3 شہروں سے پروازوں کی تعداد بڑھانے اور فلائٹ آپریشن کے لیے پاکستان کے مزید 2 شہروں کو اپنے روٹ میں شامل کرنے کا خواہاں ہے جبکہ ایک پاور ڈسٹری بیوشن کمپنی نے لاہور میں سرمایہ کاری کرنے کی خواہش کا اظہار کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق معاہدے کے تحت دونوں (بقیہ نمبر 52

گوجر خان ہسپتال انتظامیہ مریضوں کو ذلیل و خوار کرنے لگی

جن کی بوسٹر ڈوز نہیں لگی وہ علاج کی سہولت سے مستفید نہیں ہو سکتے کیونکہ اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان نے آرڈر جاری کیے ہیں

مریضوں کو اس طرح یکدم سے سہولیات سے محروم کرنا مریضوں کے ساتھ سراسر زیادتی ہے، حکام نوٹس لیں



To,

All Government & Semi Government Departments, Tehsil Gujar Khan.

Subject:- NO VACCINATION NO SERVICE.

With reference to the subject noted above.

The undersigned appreciate your efforts for eradication of Corona from Tehsil Gujar Khan. As per Government policy your all directed to adopt policy of NO VACCINATION NO SERVICE.

In this regard you are further directed to displays "NO VACCINATION NO SERVICE" slogans at prominent places of your respective office.

Thank you.

ASSISTANT COMMISSIONER GUJAR KHAN

No. & Date even

Copy forwarded for information:-

1. The Deputy District Health Officer Tehsil Gujar Khan.
2. The Focal Person COVID-19 Gujar Khan.

گوجر خان (قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق تحصیل ہیڈ ہسپتال میں شدید گرمی میں علاج کے لیے آنے والے لوگوں کو یہ کہہ کر ذلیل و خوار کیا جانے لگا پڑا کہ جن کی بوسٹر ڈوز نہیں لگی وہ علاج کی سہولت سے مستفید نہیں ہو سکتے کیونکہ اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان نے آرڈر جاری کیئے ہیں جب کہ اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان کی طرف سے جو نوٹیفکیشن جاری ہوا ہے اس میں بوسٹر ڈوز کا کوئی ذکر نہیں کیا گیا پرچی لینے کے لیے آنے والوں میں کثیر تعداد میں لوگوں نے ویکسینیشن کی 2 ڈوز لگوائی ہوئی تھیں انکو بھی کہا گیا کہ آپ بھی علاج کی سہولیات سے مستفید نہیں ہو سکتے بیمار کراہتے مریض بوسٹر ڈوز کے لیے بھی ذلیل و خوار ہونے لگے ایک آرڈر کی آڑ میں ہسپتال انتظامیہ دو ڈوز لگوانے والے لوگوں کو بھی ذلیل و خوار کرنے لگ پڑی ہے جبکہ ہسپتال میں موجود ویکسین سنٹر میں عورتوں مردوں بوڑھوں بچوں کی لائنیں لگی ہوئی ہیں مردوں کو یہ کہہ کر واپس کیا جانے لگا کہ مردوں کی ویکسینیشن کا کوٹہ پورا ہو گیا ہے اب کل آئیں اب عورتوں کی ویکسینیشن کا کوٹہ باقی ہے انکو لگائی جائیں گی اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جس کو آج تکلیف ہے وہ علاج کیسے کروائے گا اگر اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان نے اپنے احکامات جاری (بقیہ نمبر 47

وزیر اعلی پنجاب حمزہ شہباز کی پنجاب ایگریکلچر

فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی کا منصوبہ رواں سال فعال کرنے کی ہدایت

لاہور (بیورو چیف) وزیر اعلی حمزہ شہباز نے پنجاب ایگریکلچر، فوڈ اینڈ ڈرگ اتھارٹی کا منصوبہ رواں سال فعال کرنے کی ہدایت کر دی۔ وزیر اعلی کی زیر صدارت اعلی سطحی اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری، چیئرمین منصوبہ بندی و ترقیات، پرنسپل سیکرٹری وزیر اعلی، سیکرٹری تعمیرات و مواصلات، چیف ایگزیکٹو آفیسر انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ اتھارٹی پنجاب اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ سیکرٹری تعمیرات و مواصلات نے منصوبے کے نظر ثانی شدہ پلان کے بارے میں بریفنگ دی۔ وزیر اعلی پنجاب حمزہ شہباز نے پراجیکٹ کو مکمل اور فنکشنل کرنے کے نظر ثانی شدہ پلان کی منظوری دے دی۔ انہوں نے کہا کہ سابق (بقیہ نمبر 48

تحریک انصاف نے دو جولائی کو اسلام آباد جلسے کیلئے ضلعی انتظامیہ سے اجازت مانگ لی

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف نے اسلام آباد جلسے کیلئے ضلعی انتظامیہ سے اجازت مانگ لی۔ تحریک انصاف رہنما علی نواز اعوان، اور فیصل جاوید نے ڈپٹی کمشنر تحریری درخواست دیدی۔ تحریک انصاف نے درخواست انتظامیہ سے 2 (بقیہ نمبر 53

موٹر سائیکل سواروں کیلئے ہیلمٹ کا استعمال لازمی قرار

لین وائیلیشن اور ون وے کی خلاف ورزی کرنیوالوں کیخلاف سخت کاروائی کی جائے گی' ڈی آئی جی محبوب اسلم

لین ڈسپلن کی خلاف ورزی کرنیوالی گاڑیوں کے خلاف اور بغیر سیفٹی ہلمٹ پہنے موٹر سائیکل سواروں کے خلاف خصوصی مہم کا آغاز کر دیا

حبیب آباد (رشید احمد نعیم) نیشنل ہائی وے پر موٹر سائیکل سواروں کیلئے ہیلمٹ کا استعمال لازمی قرار، لین وائیلیشن اور ون وے کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کاروائی کی جائے گی ڈی آئی جی محبوب اسلم تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی سنٹرل زون محبوب اسلم کے احکامات کی روشنی میں سیکٹر کمانڈر محمد شہباز عالم کی خصوصی ہدائت پر نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس نے بیٹ نمبر 14 پر لین ڈسپلن کی خلاف ورزی کرنے والی گاڑیوں کے خلاف اور بغیر سیفٹی ہلمٹ پہنے موٹر سائیکل سواروں کے خلاف خصوصی مہم کا آغاز کر دیا مہم میں لین ڈسپلن اور بغیر ہلمٹ پہنے موٹر سائیکل سواروں کو بریفنگ دی گی ڈی آئی جی کی ہدایت کے مطابق لین وائیلیشن کرنے والی گاڑیوں اور بغیر سیفٹی ہلمٹ کے سفر کرنے والوں موٹر سائیکل سواروں کو بھرپور بریفنگ دی جائے گی موٹر سائیکل چلاتے وقت ہلمٹ کے استعمال کو یقینی بنائیں موٹر سائیکل سوار افراد بغیر ہیلمٹ کے سفر سے گریز کریں اور خطرناک حادثات (بقیہ نمبر 54

پاکستان کو سعودیہ سے ادھار تیل کی فراہمی میں توسیع ملنے کا امکان

اسلام آباد (بیورو چیف) پاکستان کو سعودی عرب سے ادھار تیل کی فراہمی کی سہولت میں توسیع کا امکان ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق پاکستان نے سعودی عرب سے تیل فراہمی کی سہولت میں اضافے کی درخواست کی تھی جس بنا پر پاکستان کو اس سہولت (بقیہ نمبر 49

سرگودھا' اپنے ہی پارٹی رہنماء سیاسی حریف بن گئے

حلقہ پی پی 83 (ن) لیگ اور پی ٹی آئی کے مدمقابل ٹکٹ کی تقسیم پر نالاں

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا ریجن کے حلقہ پی پی 83 میں مسلم لیگ ن اور پی ٹی آئی کے مدمقابل ٹکٹ کی تقسیم پر نالاں اپنے ہی پارٹی راہنما سیاسی حریف بن گئے جبکہ حلقہ میں ان کے علاوہ تحریک لبیک سمیت نو امیدوار پنجہ آزمائی میں مصروف ہیں۔ سرگودھا ریجن کے علاقہ پی پی 83 کے ضمنی الیکشن میں مسلم لیگ ن کے امیدوار امیر حیدر سنگھا پارٹی نشان شیر اور مسلم لیگ ن کا ٹکٹ نہ ملنے پر پارٹی کے سابق صوبائی وزیر ملک محمد آصف بھاء ملکا کے نشان پر آزاد حیثیت سے امیدوار بن گے جبکہ پاکستان تحریک انصاف کے امیدوار ملک حسن اعوان پارٹی نشان بلا پر اور ٹکٹ نہ ملنے پر نالاں پارٹی راہنما ملک حامد محمود ٹوانہ جگ کے نشان پر الیکشن لڑ رہے ہیں۔

مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کاروائی کو یقینی بنایا جائے، ایس پی سکیورٹی فیصل سلیم

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سی پی او آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، ایس پی سکیورٹی فیصل سلیم نے شہریوں کے مسائل سنے اور ان کے حل کیلئے احکامات جاری کیے، ایس پی سکیورٹی فیصل سلیم نے کہا ہے کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کاروائی کو یقینی بنایا جائے، شہریوں کے مسائل ترجیح بنیادوں پر حل کیے جائیں۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او آفس راولپنڈی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، ایس پی سکیورٹی فیصل سلیم نے کھلی کچہری میں آنے والے شہریوں کے مسائل سنے

ٹیمز اور میچز کی سیکورٹی کے لئے فول پروف سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے، وسیم ریاض

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان نے راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم کا دورہ کیا، پریکٹس سیشن کے لئے کیئے گئے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان نے راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم کا دورہ کیا، ایس ایس پی آپریشنز نے پریکٹس سیشن کے لئے کئے گئے سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور ہدایات دیں، ڈیوٹی پر تعینات افسران و اہلکار الرٹ ہو کر ڈیوٹی سرانجام دیں،

ڈی ایچ کیو ہسپتال چکوال کے کانفرنس روم میں ڈینگی آگاہی سیمینار

واک کی صدارت ایم ایس ڈی ایچ کیو چکوال ڈاکٹر مختار سرور خان نے کی

چکوال (راجہ افتخار سے) ڈی ایچ کیو ہسپتال چکوال کے کانفرنس روم میں ڈینگی آگاہی سیمینار اور واک کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت ایم ایس ڈی ایچ کیو چکوال ڈاکٹر مختار سرور خان نے کی۔ تفصیلات کے مطابق اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر آصف حیات، اے ایم ایس ایڈمن ڈاکٹر عمران جدون، اے ایم ایس ایمرجنسی ڈاکٹر شیخ رفتار حسین، ہیپاٹائٹس کنٹرول پروگرام کے انچارج ڈاکٹر ارسلان یعقوب اور ہسپتال کے تمام کنسلٹنٹ سپیشلسٹ موجود تھے۔ اس موقع پر میڈیکل سپیشلسٹ ڈاکٹر ثاقب مصطفی اور میڈیکل سپیشلسٹ ڈاکٹر (بقیہ نمبر 50